www.iqbalkalmati.blogspot.com

اللہ تعالیٰ کے مبارک اسماء سے تمام روحانی،
ذہنی، جسمانی اور کاروباری مشکلات کا جامع حل

# اسم اعظم سے مشکلات کا حل



اقبال احمد مدنی

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جملہ حقوق بحق پبلشر محفوظ ہیں

**نام کتاب**

اسم اعظم سے مشکلات کا حل

**مؤلف**

اقبال احمد مدنی

**ناشر**

شمع بک ایجنسی کراچی

**پرنٹر**

خالد پرنٹر

**سن اشاعت**

**قیمت**

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



# فہرست


| | |
|---|---|
| ایمان کی سلامتی | 5 |
| درازی عمر | 5 |
| خلوت پسندی | 6 |
| آفت اور مصیبت | 7 |
| درد پسلی | 8 |
| زیارت رسول اکرم | 9 |
| ناحق جھگڑے سے خلاصی | 10 |
| روحانی ترقی | 11 |
| تنگی قبر سے نجات | 12 |
| نیک مقصد کے حصول | 13 |
| قوت حافظہ | 14 |
| گناہوں کی مغفرت | 15 |
| رنج وغم سے نجات | 16 |
| حصول روزگار | 17 |
| حفاظت سفر | 18 |
| نیکی سے رغبت | 19 |
| آفات وبلیات | 20 |
| بانجھ پن سے نجات | 20 |
| آسیب وجنات سے نجات | 21 |
| دشمن پر فتح یابی | 22 |
| جھوٹی گواہی سے نجات | 23 |
| رعب ودبدبہ | 24 |
| امتحان میں کامیابی | 25 |
| چوری سے حفاظت | 26 |
| بیماری سے نجات | 27 |
| حفاظت مال | 28 |
| خونی دست سے نجات | 29 |
| میاں بیوی میں محبت | 31 |
| الجھن سے نجات | 32 |
| ہر قسم کے شر سے نجات | 33 |
| گالیوں سے نجات | 34 |
| دولت میں برکت | 35 |
| رنج وغم سے نجات | 36 |
| چہرے کی کشش | 37 |
| بانجھ پن سے نجات | 38 |
| حصول عبادت | 41 |


Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com




| | | | |
|---|---|---|---|
| سختی دل سے نجات | 42 | حصول اولاد | 66 |
| غفلت سے نجات | 43 | دولت میں اضافہ | 68 |
| بے ہوشی سے نجات | 44 | بھوک کی کمی سے نجات | 70 |
| نوکری کی بحالی | 45 | جسمانی کمزوری | 72 |
| رزق میں برکت | 45 | حسد سے نجات | 73 |
| جسم انسانی کی حفاظت | 46 | تکالیف حمل سے نجات | 74 |
| چوری سے حفاظت | 47 | شہوت میں کمی سے نجات | 76 |
| بداخلاقی سے نجات | 48 | درازی عمر | 77 |
| میاں بیوی میں محبت | 49 | ناجائز مقدمے سے بریت | 78 |
| سختی دل | 50 | عہدہ کی برقراری | 79 |
| بہراپن سے نجات | 51 | دینی ودنیاوی کمالات | 80 |
| بینائی کی بحالی | 52 | شادی کی رکاوٹ | 81 |
| شکرگزاری | 53 | دشمن کے شر سے بچنے کے لئے | 85 |
| ریاکاری سے نجات | 54 | امراض خبیثہ سے نجات | 86 |
| صبروتحمل | 55 | مالک کی ناراضگی سے نجات | 87 |
| کاروبار میں برکت | 56 | قبولیت دعا | 89 |
| زلزلہ سے بچاؤ | 58 | برے خوابوں سے نجات | 90 |
| صبراورشکر کرنے کے لئے | 59 | بچے کا دودھ چھڑانا | 91 |
| عہدہ کی بحالی | 61 | رسوائی وذلت سے نجات | 92 |
| عفوودرگزر | 62 | زندہ دلی | 94 |
| حاجت روائی | 65 | عذاب قبر سے نجات | 95 |


مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



# ایمان کی سلامتی

جو شخص اسم مبارک یَا آخِرُ ایک ہزار مرتبہ روزانہ ورد رکھے گا تو ایمان کی سلامتی کے ساتھ اس دنیا سے رخصت ہوگا۔

# درازی عمر

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَا آخِرُ کا ورد کثرت سے کرے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کی عمر لمبی کردیں گے اور اس کی خواہش کے مطابق اس کی عمر دراز ہوگی۔ اس کی طبیعت عبادت کی طرف مرکوز رہے گی۔ عبادت کے لئے سب سے پہلے مسجد میں جایا کرے گا اور سب سے آخر میں آیا کرے گا اور اس دنیا سے باایمان رخصت ہوگا۔

# عزت ومرتبہ

اگر کوئی اجنبی اور غیر معروف لوگوں میں جاتے ہوئے اسم مبارک یَا آخِرُ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے گا۔ انشاءاللہ جہاں جائے گا لوگ اس کی تعظیم وتکریم فرمائیں گے اور ہر جگہ عزت وتوقیر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

# اطمینان قلب

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَا اَحَدُ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ تو اللہ تعالیٰ اس

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کے قلب کو دائمی اطمینان اور بے خوفی سے نوازیں گے اور وہ ہر خطرے سے بے نیاز ہو کر اپنے فرائض منصبی انجام دے گا۔

## تسخیر افسر

جو شخص کسی بھی ہیبت انگیز شخص کی ملاقات کے لئے جانے کا خواہاں ہو اور ڈرتا بھی ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَـا اَحـدُ نوے مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے اس کی ملاقات کے لئے جائے انشاءاللہ بفضل ربی وہ اس کو عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھے گا اور ملاقات کا مقصد پورا ہو گا۔

## حاجت روائی

جو شخص بھی اسم مبارک یَا اَحدُ کو نوے مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے جس کسی کے پاس بھی جس مطلب براری کے لئے جائے گا۔ انشاءاللہ اس کا کام نہایت آسانی سے ہو جائے گا۔

## خلوت پسندی

جو شخص اسم مبارک یَـا اَحـدُ کا کثرت سے ورد جاری رکھے گا اللہ تعالیٰ اس کو خلوت پسندی کے اوصاف سے متصف فرمائے گا اور مجلسوں سے دور ہو کر گوشہ تنہائی میں گزارے گا اور تخلیئے کو ہر وقت پسند کرے گا۔

## لاعلاج امراض

ایسے مریض جن کے مرض کو ڈاکٹر، طبیب لاعلاج قرار دے چکے ہوں اگر صحت وتندرستی کی کوئی امید باقی نہ رہے تو ایسے میں عشاء کی نماز کے بعد سر سجدے میں

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



رکھ کر حالت سجدہ میں سو مرتبہ اسم مبارک یَـا اَرْحَـمُ الرّٰاحِمِیْن پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے شفاء کاملہ بخشیں گے۔ عامل کے لئے اس عمل کو تا شفاء کاملہ تک جاری رکھنا چاہئے اور ہاتھ سے حسب توفیق صدقہ خیرات بھی بانٹنا چاہئے۔

## آفت اور مصیبت

جو شخص اسم مبارک یَا اَرْحَمُ الرّٰاحِمِیْن کا کثرت سے ورد رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے ہر آفت اور مصیبت سے اپنی حفظ وامان میں رکھیں گے۔

## دردزہ سے نجات

اگر کسی زچہ کو دردزہ انتہائی شدید ہو اور بچہ آسانی سے نہ ہو رہا ہو تو ایسے میں باوضو حالت میں ایک سو اکیس مرتبہ اسم مبارک یَـا اَللّٰہُ پڑھ کر گڑ یا خمیرہ وغیرہ پر دم کر کے تین حصے کرے اور باری باری ہر حصہ عورت کو کھلائیں۔ اللہ کے فضل وکرم سے تکلیف فوراً رفع ہو اور ولادت میں آسانی ہو۔

## ہر قسم کے درد

اگر کسی شخص کو پسلی، سینہ، کمر یا سر میں درد ہو تو کوئی دوسرا شخص باوضو حالت میں درد کی جگہ پر سات بار یَـا اَللّٰہُ انگلی سے خالی بغیر روشنائی کے لکھے۔ انشاءاللہ اس عمل سے درد جاتا رہے گا۔

## مستجاب الدعوات

جو شخص اسم ذات یَـا اَللّٰہُ کا کثرت سے ورد کرے گا تو وہ بفضل تعالیٰ مستجاب

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



الدعوات بن جائے گا۔اس کے لئے اسے اس عمل کو ہمیشہ کا معمول بنانا پڑے گا۔

## درد پسلی

جو شخص پسلی کے درد میں مبتلا ہو تو دوسرا شخص باوضو حالت میں درد کے مقام پر انگشت شہادت سے اسم مبارک یَا اَللّٰہُ سات مرتبہ لکھ دے اور اس عمل کو سات دن جاری رکھے۔انشاءاللہ پسلی کا درد کافور ہو جائے گا۔

## حادثات سے بچنے کیلئے

اگر کوئی شخص اپنے گھر یا دکان میں تین اونچی جگہوں پر اسم مبارک یَا اَللّٰہُ لکھے گا یا لکھوائے گا تو اسم مبارک کی برکت سے حفظ وامان میں بفضل ایزدی رہے گا۔ جب تک یہ اسم مبارک لکھا ہوا رہے گا۔تب تک گھر والے نہ تو اس مکان میں دب کر مریں گے اور نہ ہی مکان ناگہانی طور پر ان کے اوپر گرے گا اور نہ ہی کسی حادثہ کی شکل میں اس مکان کے اندر موت واقع ہوگی۔

## خفقان

جو شخص خفقان کے مرض میں مبتلا ہو تو ایسے میں اسم ذات اللّٰہ کو نہایت جلی قلم سے لکھ کر یا لکھوا کر اپنے سامنے رکھے اور دن رات میں کم از کم تین مرتبہ نہایت ادب سے قبلہ رخ باوضو حالت میں خلوت میں بیٹھ کر محبت کی نگاہ سے اس اسم مبارک پر نظر ڈالے اور دل میں یہ خیال کرے کہ یہ مبارک نام جس طرح اس کاغذ یا تختی پر نظر ڈالے اور دل میں یہ خیال کرے کہ یہ مبارک نام جس طرح اس کاغذ یا تختی پر لکھا ہوا ہے۔اسی طرح خوش خط اور خوب صورت میرے دل پر لکھا ہوا ہے۔پھر آنکھیں بند

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



کر کے کم از کم دس منٹ تک اس تصور کو جمائے رکھے اور اس خیال میں محو رہے۔ہر روز کم از کم تین مرتبہ یہ عمل کرنے سے انشاءاللہ کبھی بھی ساری عمر خفقان، ہول دل، دل کی دھڑکن وغیرہ قلب کے کسی بھی مرض میں مبتلا نہ ہوگا۔

## اضطراب قلب

جو شخص ہر وقت اضطراب قلب اور ہول قلب میں مبتلا رہتا ہو۔تو وہ شخص کسی گتے یا کاغذ پر جلی حروف میں موٹی قلم سے اسم اَللّٰہ لکھے یا کسی سے خوش خط کر کے لکھوائے اور اس اسم مبارک کو اپنے سامنے رکھ کر تین مرتبہ اس پر محبت کی نگاہ دس منٹ تک ٹکائے اور ساتھ ہی اس اسم مبارک کا کثرت سے ورد بھی کرے۔انشاءاللہ اس عمل کی بدولت اکیس روز میں اس کے دل کا اضطراب، ہول اور دیگر تکالیف ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائیں گی اور پھر کبھی ایسی شکایت پیدا نہ ہوگی۔

## روشن ضمیری

جو شخص پابند صوم وصلوٰۃ ہو کر حلال لقمہ کھا کر باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اسم مبارک اَللّٰہ کا ورد پانچ ہزار مرتبہ کرے گا روزانہ کے اس عمل کی پابندی کی بدولت تھوڑے ہی عرصہ میں صاحب روشن ضمیر بن جائے گا۔

## زیارت رسول اکرم

جو شخص نماز روزے کی پابندی کے ساتھ رزق حلال کھائے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ہر روز پانچ ہزار مرتبہ اسم مبارک اللّٰہ اَللّٰہ کا ورد کرے گا وہ ہر ایک عبادت میں لطف اٹھائے گا اور تھوڑے ہی عرصہ میں اس مقام پر پہنچ جائے گا کہ اکثر

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



راتوں کو رسول اکرم ﷺ کی زیارت سے خواب میں یا عالم استغراق میں مشرف ہوگا۔

## ناحق جھگڑے سے خلاصی

اگر کوئی شخص ناحق جھگڑے میں ملوث ہوگیا ہو تو ایسے میں دوران گفتگو ستر مرتبہ اسم مبارک اَللّٰہُ پڑھ کر دل میں یہ تصور کرے کہ اب اس جھگڑے کا فیصلہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہی کرے گی۔ انشاء اللہ اس کا فیصلہ اس کے حق میں ہوجائے گا۔

## حاجت روائی

جو شخص اسم مبارک اَللّٰہُ الصَّمَدُ کا ورد ایک ہزار ایک مرتبہ روزانہ کرے گا۔ تو اس کی جائز مرادیں خزانہ غیب سے از خود پورا ہوا کریں گی اور کوئی حاجت باقی نہ رہے گی۔

## باغ کی حفاظت

اگر کسی کو اپنے باغ کی تباہی کا خدشہ کسی بھی آفاقی وجہ سے ہوگیا ہو تو ایسے میں باوضو حالت میں چار کوری ٹھیکریاں لے کر ان پر تین تین مرتبہ اسم مبارک اَللّٰہُ یَا بَاقِیُ لکھے اور ہر ٹھیکری کو باغ کے چاروں کونوں میں ایک ایک کرکے دفن کردے۔ انشاء اللہ اس کی برکت سے باغ ہر قسم کی آفات و بلیات اور حوادثات سے محفوظ رہے گا اور ویران نہیں ہوگا۔

## اولاد نرینہ

اگر کوئی اولاد نرینہ کا خواہش مند ہو اور اس کی خواہش کسی بھی ترکیب سے پوری نہ ہوتی ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَا اَوَّلُ اکتالیس دن تک ہر روز چالیس مرتبہ پڑھ کر پانی یا شربت پر دم کرکے آدھا خود پیے اور آدھا اپنی بیوی کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ



مراد اس کی برآئے گی اور اس کے ہاں فرزند صالح اور نیک پیدا ہوگا۔

## اطاعت الٰہی کے ظہور

جو شخص اسم مبارک یَا اَوَّلُ کا بکثرت ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے اطاعت الٰہی میں اولیت کے شوق کا وصف عطا فرمائیں گے چنانچہ ہر قسم کی نیکیوں کے کاموں میں اس کا نمبر اول ہوگا اور خدا کی رضا اور خوشنودی کے کاموں میں وہ سب پر مقدم رہے گا اور جملہ فرائض اور واجبات کو حتی المقدور اول وقت پر اور سب سے پہلے بجالائے گا۔

## مشکل کشائی

جس شخص کی کوئی اہم سخت ترین ضرورت کسی رکاوٹ کا شکار ہوگئی ہو اور حل تدبیر نظر نہ آتا ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَا اَوَّلُ شب جمعہ کو چالیس ہزار مرتبہ پڑھنے سے وہ رکاوٹ ختم ہوجاتی ہے۔ یہ عمل تین شب جمعہ کرنا لازمی ہے۔

## روحانی ترقی

جو شخص اسم مبارک یَا اَوَّلُ ہر شب جمعہ چالیس ہزار مرتبہ پڑھے گا اور اس عمل کو چالیس شب جمعہ تک جاری رکھے گا تو وہ صاحب فتوحات ظاہری و باطنی کا مالک بن جائے گا۔

## ہر قسم کی کامیابی

جو شخص اسم مبارک یَا بَادِئُ کا کثرت سے ورد کرے گا اس کو تمام دوسرے انسانوں پر برتری حاصل ہوگی۔

Oureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# تسخیر خلق

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ مخلوق خدا اس کے تابع رہے اور اس کی ہر جائز بات مانیں تو اس کے لئے اسے آفتاب غروب ہونے کے بعد غسل کرنا چاہئے تازہ وضو سے نماز مغرب ادا کرے اور اس کے بعد اسی جگہ بیٹھ کر اسم مبارک یَا بَادِیُ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر درود شریف اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھے اور اس عمل کو روزانہ تا حیات جاری رکھے۔ اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ لوگوں کے دل مسخر فرمائے گا اور لوگ اس کی ہر بات تسلیم کریں گے۔ حکام بالا اور آفیسروں میں اس کی وجاہت بڑھے گی اور اس کے فیصلوں کے خلاف اپیل بہت کم ہوگی اور وہ بہت لائق و فائق انسان بن جائے گا۔

# تنگی قبر سے نجات

جو شخص بعد از نماز جمعہ اسم مبارک یَا بَادِیُ ایک سو ایک مرتبہ پڑھے گا۔ حق تعالیٰ اس شخص کو قبر میں ہونے کے بعد قبر میں نہ چھوڑے گا۔ بلکہ ریاض مقدس کی طرف اٹھالے گا اس طرح وہ تنگی قبر سے محفوظ و مامون رہے گا۔

# فراخی رزق

جو شخص اسم مبارک یَا بَاسِطُ کا کسی بھی وقت معین پر روزانہ گیارہ سو مرتبہ ورد رکھے گا اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کے رزق کو فراخ کردیں گے۔

# مفلسی سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَا بَاسِطُ کا کثرت سے ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے مخلوق

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



کی محتاجگی سے نجات عطا فرمادیں گے اس کا رزاق کشادہ ہوگا اور اس کے غم والم دور ہوں گے۔ اس کی پریشانیاں ختم ہوں گی اور کبھی تنگ دست نہ ہوگا۔

# نیک مقصد کے حصول

اگر کوئی شخص کسی نیک مقصد کے حصول کے لئے ہر نماز کے بعد اسم مبارک یَابَاسِطُ بِحَقِ یَا لَطِیْفُ بہتر مرتبہ پڑھے گا۔ اس کو اس نیک مقصد کے حصول میں کامیابی نصیب ہوگی اور اس کے رزق میں برکت پیدا ہوگی۔

# روحانی ترقی

جو شخص اسم مبارک یَا بَاطِنُ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کے باطن کی اصلاح فرمادیں گے اور اس کے اندر نور کی روشنی پیدا فرمادیں گے اور اس اسم کے ذکر مبارک کی برکت سے اس کے دوستوں کی بھی اصلاح فرمادیں گے اور اس کے عزیز و اقارب اپنے بیگانے سب اس کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آئیں گے۔

# روحانی ترقی

جو شخص اسم مبارک یَا بَاطِنُ کے ورد کی کثرت کرے گا۔ وہ بہت جلد صاحب باطن بن جائے گا اور اس پر اسرار و رموز الٰہی نازل ہونا شروع ہو جائیں گے۔

# تسخیر خلائق

جو شخص ہر دلعزیزی کا خواہاں ہو تو وہ اسم مبارک یَا بَاطِنُ کو بعد از نماز عشاء اندھیرے میں بیٹھ کر ہر روز ایک ہزار اکیس مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



پڑھا کرے اس عمل کی بدولت بفضل ایزدی وہ مخلوق خدا میں ہر دلعزیز بن جائے گا اور روئے زمین پر کوئی مسلمان اس کا دشمن نہیں ہوگا۔

## اسرار مخفی

جو شخص اسم مبارک یَا بَاطِنُ کا کثرت سے ورد کرے گا اور ہر رات کو ایک تہائی رات گزرنے کے بعد اس اسم مبارک کو تین ہزار مرتبہ پڑھ کر خاموشی سے سوجایا کرے تو اس عمل کی سات دن کی مداومت سے اس پر اسرار مخفی ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے۔

## روحانی ترقی

جو شخص اسم مبارک یَا بَاعِثُ کو اپنے سینے پر رکھ کر ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر سوئے گا بفضل تعالیٰ وہ روشن ضمیر اور زندہ دل بن جائے گا۔

## تسخیر حاکم

اگر کوئی حاکم بدمزاج ہو اور وہ کسی طرح اپنی بدمزاجی سے باز نہ آتا ہو اور ایسے کسی شخص کو اس سے کام ہو تو وہ اس کے پاس جانے سے قبل سات بار مبارک یَابَاعِثُ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور پھر حاکم کے پاس جائے انشاءاللہ حاکم اس شخص کے ساتھ نہایت مہربانی سے پیش آئے گا۔

## قوت حافظہ

جو شخص اس مبارک یَا بَاعِثُ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ وہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے زندہ دل، عالی دماغ، بیدار مغز، صاحب قوت و مشاہدہ اور ہوشیار بن جائے



گا۔ وہ کبھی کسی معاملے میں بھی سستی اور کاہلی کو پسند نہ کرے گا بلکہ ہر معاملہ میں زیرکی، دانش مندی اور ہوشیاری و سرعت کے ساتھ انجام دے گا۔

## گناہوں کی مغفرت

اگر کوئی شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ دنیا پر آخرت کو ترجیح دے اور آخرت بخیر ہو تو ذیل کا عمل نافع ہے۔

اسم حسنیٰ یَا بَاقِیُ کا بکثرت ورد کرنے سے اللہ تعالیٰ اسے اپنے ایسے لوگوں میں شامل فرمائے گا جو آخرت کی دنیا پر ترجیح دیتے ہیں ایسا شخص آخرت اور ہمیشہ باقی رہنے والی اشیاء کو دوست رکھے گا اور اس کا دل فانی دنیا اور اس کی چیزوں کی طرف کبھی مائل نہ ہوگا۔

## رنج وغم سے نجات

اور کوئی شخص رنج وغم اور ابتلاء کا شکار ہو گیا اور اس سے چھٹکارا نہ ملتا ہو تو وہ شخص روزانہ اسم مبارک یَا بَاقِیُ کا ورد ایک ہزار مرتبہ کیا کرے اس سے انشاءاللہ بہت جلد رنج والم سے نجات مل جائے گی اور وہ ہر وقت خوش باش رہا کرے گا۔

## قبولیت اعمال

جو شخص شب جمعہ کو بعد از نماز عشاء یَا بَاقِیُ ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا تو اسم مبارک کی برکت سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس کے اعمال کو شرف قبولیت حاصل ہوگی۔

## بیماریوں سے تحفظ

جو شخص اسم مبارک یَا بَاقِیُ کا ورد کثرت سے کرے گا وہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سے ہر قسم کی بیماریوں سے محفوظ اور تندرست رہے گا۔

## رنج وغم سے نجات

جو شخص ہمہ اقسام پریشانیوں اور غموں سے نجات کلی چاہتا ہو تو ایسے میں اس پر لازم ہے کہ وہ اسم مبارک یَا بَدِیْعُ ایک ہزار مرتبہ بعد از نماز فجر قبلہ رخ بیٹھ کر پابندی سے روزانہ پڑھا کرے۔ اس کی مداومت سے اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے ہر قسم کی پریشانیوں اور غموں سے نجات دیں گے اور اپنی حفظ وامان میں رکھیں گے۔

## مستجاب الدعوات

جو شخص اسم مبارک یَا بَدِیْعُ کا ورد کثرت سے کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنے فضل و کرم سے مستجاب الدعوات بنائے گا اور اس کی ہر دعا کو قبول فرمائے گا۔ کوئی بھی محبوب شے کے چھن جانے، مشکل درپیش آنے اور کسی بھی معاملے میں پریشانی وغیرہ سے اسے نجات دے گا۔ عہدے سے معزولی کی صورت میں عہدے پر دوبارہ بحالی نصیب فرمائے گا۔

## ہر مرض سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَا بَدِیْعُ ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے گا ہر طرح کی بیماری سے وہ بفضل تعالیٰ شفاء پائے گا اور بیماری کبھی بھی نزدیک نہ آئے گی۔

## استخارہ

جو شخص کسی بھی معاملے کا نیک و بد جاننا چاہتا ہو۔ تو رات کو سوتے وقت اسم مبارک یَا بَدِیْعُ کو اسمائے مبارکہ میں ملا کر اس طرح پڑھتا ہوا سو جائے کہ گہری نیند



میں پہنچ جائے انشاء اللہ خواب میں حقیقت احوال سے آگاہی ہو جائے گی۔ اسمائے مبارکہ یہ ہے۔

یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ یَا بَدِیْعُ۔

## حصول روزگار

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَا بَرُّ کا بکثرت ورد رکھے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے جملہ آفات اور بلیات بسلسلہ روزگار سے محفوظ و مامون رکھے گا اور جس جائز بات کی خواہش رکھے گا انشاء اللہ وہ اسے حاصل ہو گی۔

## عادات بد سے نجات

جو شخص نفسانی خواہشات اور شیطان کے پھندے میں پھنس کر بری عادت میں مبتلا ہو گیا ہو اور ہر قسم کا نشہ کرنے لگ گیا ہو۔ حرام کاری اور زنا کاری میں مبتلا ہو گیا ہو اور اس مصیبت سے نکلنے کی کوئی راہ نہ سوجھتی ہو اور اس بات کا آرزومند ہو کہ وہ اس سے دائمی نجات حاصل کرے تو ایسے میں وہ شخص باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر گیارہ دن تک مقررہ وقت پر گیارہ سو مرتبہ اسم مبارک یَا بَرُّ کا ورد کرے اول و آخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت وہ ان تمام برائیوں سے تائب ہو کر ہمیشہ کے لئے نجات پا جائے گا اور بری سوسائٹی اس کی راہ میں سد نہیں بنے گی۔

## نظر بد

اگر کسی بچے کو نظر لگ جاتی ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَا بَرُّ سات مرتبہ پڑھ کر

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بچے پر روزانہ دم کریں انشاءاللہ بچہ نظر بد سے محفوظ و مامون رہے گا۔

## حفاظت سفر

جو شخص کسی بھی سواری میں سوار ہوتے وقت اسم مبارک یَا بَرُّ سات مرتبہ پڑھے گا وہ انشاءاللہ ہر وقت ہر قسم کے حوادث و آفات سے محفوظ رہے گا۔

## آنکھوں میں پانی اترنے سے نجات

جس شخص کی آنکھوں میں پانی اترنا شروع ہو جائے اور آئندہ کے لئے حالت کافی خراب معلوم ہوتی ہو تو ایسے میں وہ شخص گیارہ سو بار اسم مبارک یَا بَصِیْرُ اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے۔ بفضل تعالیٰ چند دنوں میں آنکھوں میں پانی اترنا بند ہو کر شفاء کاملہ حاصل ہو گی لیکن ایسے شخص پر لازم ہے کہ اس عمل کو باقاعدگی سے کرتا رہے۔

## دنیا و آخرت کی سربلندی

جو شخص نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اسم مبارک یَا بَصِیْرُ کا ورد رکھے گا اور اس پر ہمیشہ قائم رہے گا۔ اللہ تعالیٰ کی خاص عنایت اس پر ہو گی اور دین و دنیا کی مرادیں خود بخود پوری ہوں گی۔

## روحانی ترقی

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَا بَصِیْرُ کا ورد کثرت سے کرے گا۔ تو اللہ تعالیٰ اس کو اپنے فضل و کرم سے ظاہر و باطن کی بینائی عطا فرمائیں گے۔



## نیکی سے رغبت

جو شخص اسم مبارک یَا بَصِیْرُ کو کثرت سے پڑھے گا اس کا رجحان نیکی کی طرف بہت بڑھ جائے گا وہ نیک کاموں، اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت میں بہت بڑھ جائے گا۔

## ناگہانی موت سے بچنے کیلئے

جو شخص اسم مبارک یَا بَصِیْرُ کو بعد از نماز عصر سات مرتبہ پڑھا کرے گا۔ تو وہ بفضل باری تعالیٰ ہر قسم کی ناگہانی موت سے محفوظ و مامون رہے گا۔

## رحم دلی

جو شخص اسم مبارک یَا تَوَّابُ کا کثرت سے ورد کرے گا اللہ تعالیٰ فضل و کرم سے وہ رحم دل ہو جائے گا اور ہر ایک کے حال پر رحم کھائے گا۔

## گناہوں کی مغفرت

جو شخص اسم مبارک یَا تَوَّابُ کا کثرت سے ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ کی رحمت و مغفرت کی بارش اس پر نازل ہو گی۔ اس اسم مبارک کی برکت سے اس کے گناہ معاف ہوں گے۔ رزق کی تنگی دور ہو گی۔ اسے گناہوں کے سبب لاحق تکالیف و مصائب سے نجات ملے گی اور وہ جو بھی دعا کرے گا وہ بارگاہ حق میں قبول ہو گی۔

## روحانی ترقی

جو شخص اسم مبارک یَا تَوَّابُ کو اس کے معنی پر غور و فکر کے ساتھ کثرت سے ورد

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com
Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کرے گا وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مقام ولایت پر فائز ہو گا۔

## آفات و بلیات

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ سال بھر دنیا بھر کی آفات و بلیات سے محفوظ رہے تو اس کے لئے لازم ہے کہ وہ اسم حسنیٰ یَا تَوَّابُ کا ختم پڑھے۔ جس کی ترکیب یہ ہے کہ ہر سال رمضان المبارک کی اکیس تاریخ کو شروع کرکے عید کا چاند دیکھ کر موقوف کرے اس کے لئے ہر روز اس اسم کا ورد اکیس ہزار ایک سو اکیس مرتبہ (21121) اول و آخر درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ سارا سال بخیریت امن و امان سے رہے گا۔

## محبت

اگر کوئی شخص اپنے محبوب سے دور اور جدائی سے بے چین اور بے قرار ہے تو ایسے میں وہ اسم مبارک یَا جَامِعُ کا بکثرت ورد کرے انشاء اللہ اس اسم مبارک کی برکت سے اس کی دلی تمنا پوری ہو جائے گی اور محبوب سے بہت جلد قربت حاصل ہو جائے گی۔

## بانجھ پن سے نجات

اگر کسی شخص کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو یا ہو کر مر جاتی ہو یا آئندہ اولاد ہونے کی امید نہ ہو تو وہ گیارہ دن تک بعد نماز عشاء تین عدد مغز بادام پر تین ہزار مرتبہ یَا جَبَّارُ پڑھ کر دم کرے ایک دانہ اپنی بیوی کو کھلائے اور دو دانے آپ کھائے پھر اپنی بیوی سے صحبت کرے گیارہ دن تک ایسا ہی کرے انشاء اللہ اس کی بیوی حاملہ ہو گی اور اللہ تعالیٰ اسے فرزند صالح عطا فرمائیں گے۔ جب لڑکا پیدا ہوا تو اس کا نام عزیز اللہ یا عطا اللہ رکھے اور اور سات برس تک ہر سال ایک بکرا اللہ کے واسطے ذبح کرکے محض اللہ کے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com



لئے غریب غرباء میں تقسیم کر دے اگر اتنی طاقت نہ رکھتا ہو تو ہر ماہ چاند کے شروع میں بچے کے ہاتھ سے گیارہ روپیہ فقیروں میں تقسیم کر دیا کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے بچہ لمبی عمر اور صحت پائے گا اور ہر قسم کی آفات و بلیات سے محفوظ و مامون رہے گا۔

## سوکھا پن سے نجات

جو بچہ بیمار ہو اور بیماری کے باعث بے حد لاغر اور دبلا ہو گیا ہو تو ایسی حالت میں اس کا والد، والدہ یا کوئی بہن یا بھائی باوضو حالت میں سرسوں کا تیل لے کر اس پر ایک ہزار ایک سو نو مرتبہ یَا جَبَّارُ پڑھ کر دم کریں۔ پھر سات دن تک اس تیل کی مالش بچے کو کریں۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت بچے کی بیماری اور لاغری دور ہو کر جلد طاقت اور توانائی حاصل ہو گی۔

## آسیب و جنات سے نجات

اگر کسی گھر میں جنات، آسیب وغیرہ کا عمل دخل ہو اور وہاں رہنے سے ڈر لگتا ہو تو ایک کورے چراغ پر سات جگہ یَا جَبَّارُ لکھ کر تیل سے بھر کر روشن کریں جس گھر میں یہ چراغ گیارہ دن تک جلتا رہے گا اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کوئی جن آسیب نہ آئے گا اور نہ ہی موذی جانور سانپ بچھو یا دیگر تکلیف دینے والے جانور و کیڑے مکوڑے پریشان کریں گے وہ گھر تمام بلاؤں سے محفوظ و مامون رہے گا۔

یاد رہے کہ گھر میں کوئی تصویر یا بت یا مجسمہ وغیرہ نہ ہو ورنہ الٹا نقصان ہو گا۔

## نیک اوصاف

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَا جَبَّارُ کا کثرت سے ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



فضل وکرم سے اسے پاکیزگی نفس، نیک نیتی اور انکساری جیسے اوصاف سے متصف فرمائے گا اور اس اسم مبارک کے ذکر سے خلائق میں جلیل القدر بن جائے گا۔

## تسخیر

جو شخص اسم مبارک یَاجَبَّارُ کا ورد کثرت سے کرے گا۔ تو اس کے اندر حاکمانہ خو بو پیدا ہو جائے گی۔ گھر پر اس کی حاکمیت قائم ہوگی اور وہ کسی بھی آفیسر یا حاکم وغیرہ سے خوف نہ کھائے گا، غریبوں اور محتاجوں کی اپنی بساط سے بڑھ کر مدد کرے گا اور ہر وقت اس فکر میں مبتلا رہے گا۔

## دشمن پر فتح یابی

گر کوئی شخص اپنے حریفوں کی چالوں اور دشمنوں کی شرارتوں سے تنگ اور پریشان ہو تو اسم مبارک یَاجَبَّارُ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ انشاءاللہ اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے اپنے حریفوں پر غلبہ پائے گا اور ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

## غیبت سے حفاظت

جو شخص ہر نماز کے بعد یَاجَبَّارُ ایک سو مرتبہ پڑھے گا۔ وہ بفضل باری تعالیٰ غیبت کے اثرات سے محفوظ رہے گا۔

## عزت ومرتبہ

جو شخص ساعت شمس میں سونے کی انگوٹھی پر اسم مبارک یَاجَبَّارُ کندہ کروا کر پہنے گا۔ وہ مخلوق کی نظروں میں ہر جگہ عزت ووقار پائے گا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com



## درد شقیقہ

جس کسی کو آدھے سر کا درد یعنی درد شقیقہ لاحق ہو تو کوئی دوسرا شخص سورج نکلنے سے پہلے پہلے سات مرتبہ یاجبارُ خالی انگلی سے بغیر روشنائی کے اس کے ماتھے پر باوضو حالت میں لکھے اور پھر تین مرتبہ اس کے سر کو پکڑ کر یاجبارُ یا سلامُ سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاءاللہ جیسا بھی درد ہوگا اس اسم مبارک کی برکت سے ختم ہو جائے گا۔

## عزت ومرتبہ

جو ملازم اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ اپنے حکام بالا کی نظر میں باعزت ہو اور وہ اس سے لطف ومہربانی سے پیش آئے تو ایسے میں وہ اسم مبارک یَاجَلِیْلُ چاندی کی انگوٹھی میں ساعت شمس میں کندہ کرکے پہنے۔ انشاءاللہ اس کی بدولت وہ حکام سے عزت پائے گا اور ہر حاکم کی نگاہ اس کے سامنے نیچے رہے گی۔

## جھوٹی گواہی سے نجات

اگر کسی کو اپنے مقدمہ میں گواہ کی طرف سے جھوٹی گواہی کا اندیشہ لاحق ہو یا مخالف نے جھوٹے گواہ پیدا کر لئے ہوں جس سے اسے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَاجَلِیْلُ ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اس گواہ یا گواہوں کا تصور کر کے ان پر پھونک مار دے انشاءاللہ جھوٹی گواہی دینے پر قادر نہ رہے گا اور منکر گواہی ہو جائے گا۔

## مفلسی سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَاجَلِیْلُ کو کثرت سے ورد کرے گا۔ وہ بفضل تعالیٰ

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



دوسروں کے سامنے اپنے ہاتھ پھیلانے جیسے اوصاف سے محفوظ ہوگا۔ خود دار اور غیرت مند ہوگا وہ اپنی غریبی و ناداری کو دوسروں کی امیری و زرداری سے بہتر جانے گا۔ وہ کسی کے سامنے دست سوال پھیلانے سے بہتر فاقے منظور کرے گا۔

## رعب و دبدبہ

جو شخص اسم مبارک یَا جَلِیْلُ کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو دوسروں کی نظر میں اس کی جلالت و عظمت پیدا ہوگی وہ اس کے ہر حکم کی تعمیل کریں گے اس کی ہر بات کو اہم سمجھیں گے اور اس کے رعب و دبدبہ میں رہیں گے۔

## مرتبہ میں ترقی

جو شخص اسم مبارک یَا حَاکِمُ کا ورد کرے گا تو اس اسم مبارک کی برکت سے اللہ اور اللہ کے بندوں میں عزت کا مقام حاصل کرے گا وہ سب کے نزدیک معزز اور مکرم رہے گا اور اسے بفضل تعالیٰ جملہ مرادات و مقاصد حاصل ہوں گے۔

## دانشور بننے کے لئے

جو شخص اسم مبارک یَا حَاکِمُ کا ورد کثرت سے کرے گا۔ وہ بفضل تعالیٰ صاحب فہم و حکم و دانش ہوگا اور اس کی بدولت ہر لاینحل مسئلہ کو حل کر لے گا اور وہ سب سے بہترین رائے دینے والا ہوگا۔

## روحانی ترقی

جو شخص اسم مبارک یَا حَامِدُ کا ورد عالم محویت میں گم ہو کر کرے اور اللہ تعالیٰ کی

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



حمد و ثنا کرے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو اپنے فضل و کرم سے صفات محمودہ کے وصف سے متصف فرماتے ہیں اور اس کی ہر جگہ حاضر و غائب تعریف و توصیف ہوتی ہے۔

## بدعادات سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَا حَامِدُ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو افعال بد کی علت سے مخلصی عطا فرما دیں گے اور وہ نیکی کی طرف مائل ہو جائے گا۔

## آفات و بلیات

جو شخص اسم مبارک یَا حَسِیْبُ کا ورد کثرت سے کرتا رہے گا تو انشاء اللہ اس اسم مبارک سے اس کے مال و احوال اور اہل و عیال ہر قسم کی ارضی و سماوی آفات و بلیات سے محفوظ رہیں گے اور اس سلسلے میں وہ ہر اندیشے، ہر فکر اور پریشانی سے بچا رہے گا۔

## امتحان میں کامیابی

اگر کسی طالب علم کو امتحان میں فیل ہو جانے کا اندیشہ ہو تو وہ اسم مبارک یَا حَسِیْبُ کو تین روز تک گیارہ گیارہ ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں باوضو اور قبلہ رخ بیٹھ کر پڑھے انشاء اللہ امتحان میں اچھے نمبروں سے پاس ہو جائے گا۔

## یرقان سے نجات

جو شخص مرض یرقان میں مبتلا ہو تو اس کے لئے اسم مبارک یَا حَسِیْبُ تین سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں اور یہ عمل اکیس روز تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ یرقان کے مرض سے مکمل شفا مل جائے گی۔

Oureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## چوری سے حفاظت

جو شخص اپنے سازوسامان پر دس مرتبہ اسم مبارک یَا حَسِیْبُ پڑھ کر دم کرے گا تو اس کا سازوسامان چوروں اور ڈاکوؤں کے ہاتھوں لٹنے سے محفوظ رہے گا۔

## احتساب سے نجات

اگر کسی ملازم کو اپنے آقا کی طرف سے حساب طلبی کا اندیشہ ہو تو وہ شخص رات کو بعد از نماز عشاء اسم مبارک یَا حَسِیْبُ کو تین ہزار مرتبہ پڑھے اور دل میں یہ تصور جمالے کہ میرے آقا سے اللہ تعالیٰ کے حضور حساب طلب ہوا ہے اور وہ ادھر مشغول ہو کر مجھے بھول گیا ہے تین دن کے عمل سے بفضل باری تعالیٰ آسانی سے معاملہ طے پا کر خلاصی مل جائے گی۔

## حاجت روائی

جو شخص کثرت سے اسم مبارک یَا حَسِیْبُ کا ورد کرے گا تو اس کی جملہ حاجات بر آئیں گی اور اسے زندگی میں ہر طرح کی سہولت اور آسودگی حاصل رہے گی۔

## نظر بد

اگر کسی کو نظر بد لگ جاتی ہو اور وہ اس کی وجہ سے پریشان رہتا ہو تو ایسے میں سات دن روزانہ صبح وشام ستر مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ جمعرات کے دن سے شروع کر کے پڑھے۔ انشاء اللہ ایک سال تک نظر بد سے محفوظ و مامون رہے گا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com



## بیماری سے نجات

اگر کوئی شخص انتہائی علیل ہو اور شفایابی کی امید اسے نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں باوضو حالت میں اس کے پاس بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ اس مبارک یَا حَفِیْظُ کا ورد کر کے اس پر دم کیا جائے انشاء اللہ سات یوم کے عمل سے وہ شفا حاصل کرے گا اور صحت مندی اختیار کرے گا۔ اگر یہی عمل اکیس روز تک کر لیا جائے تو تاحیات اس بیماری سے بچا رہے گا۔

## اغوا شدہ کی بازیابی

اگر کسی کا بچہ یا بچی اغوا ہو گئی ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَا حَفِیْظُ ایک سو انیس مرتبہ پڑھ کر سورہ لقمان کی آیت نمبر 16 ایک سو انیس مرتبہ پڑھ کر اللہ رب العزت کے حضور دعا مانگے انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے وہ اغوا شدہ بچہ یا بچی بازیاب ہو جائے گی۔ اس عمل کو مکمل بازیافت تک جاری رکھے۔

## ہر شے سے حفاظت

جو شخص اسم مبارک یَا حَفِیْظُ کثرت سے پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے ہر قسم کے شر اور ظلم وستم سے اپنی حفاظت میں رکھیں گے۔

## ہچکی سے نجات

جس کسی شخص کو ہچکی لگ جائے تو وہ تین سانس میں پانی اس طرح پیئے کہ ہر سانس پر سات مرتبہ اسم مبارک یَا حَفِیْظُ پڑھے اس سے ہچکی فوراً رک جائے گی۔

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## آسیب و جنات سے نجات

اگر کوئی بچہ یا بڑا جن بھوت سے ڈرتا ہو۔ تو باوضو حالت میں اسم مبارک یَا حَفِیظُ پانچ مرتبہ سفید کاغذ پر لکھ کر سیدھے بازو میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت ہر قسم کے جنات و بھوت، پریت اور سائے سے بفضل تعالیٰ بخیریت رہیں گے۔

## حفاظت مال

جو شخص دوران سفر اپنے مال و اسباب کی حفاظت چاہتا ہو تو وہ اپنے مال و اسباب پر تین جگہ اس مبارک یَا حَفِیظُ کو یَا حَفِیظُ کر کے لکھے۔ انشاء اللہ اس عمل سے اس کا مال و اسباب گم ہونے سے محفوظ و مامون رہے گا۔

## حفاظت الٰہی

جو شخص اسم مبارک یَا حَفِیظُ کی بکثرت ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے اپنی اور مخلوق الٰہی کی حفاظت کا فکر کرنے والا بنائے گا۔ وہ حفظ امن کی کوشش کرے گا۔ نیک کاموں سے رغبت رکھے گا اور گناہوں سے ہر صورت بچے گا۔

## نظر بد

اگر کسی کو اپنے بچے کو نظر بد سے بچانا اور محفوظ رکھنا در کنار ہو تو وہ اسم مبارک یَا حَفِیظُ کو باوضو حالت میں سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے لکھ کر خوشبو لگا کر موم جامہ کرے اور بچے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تا حیات نظر بد سے محفوظ رہے گا اور اگر پہلے سے نظر بد کا شکار ہے تو اس عمل سے نظر بد سے نجات مل جائے گی۔



## خونی دست سے نجات

اگر کسی کو خونی دست آتے ہوں اور آرام کی کوئی صورت نظر نہ آئے تو ایسے میں اسم مبارک یَا حَفِیظُ تین سو مرتبہ باوضو حالت میں پڑھ کر پانی کو دم کر کے مریض کو دیں۔ انشاء اللہ اس عمل سے خونی دست بند ہو جائیں گے۔ یا دن میں تین مرتبہ پلایا جائے اور تسلسل سے گیارہ روز بلا ناغہ عمل کرنے سے ہمیشہ کے لئے اس مرض سے نجات مل جائے گی۔

## حفاظت سفر

اگر کوئی شخص سفر پر جانے سے پہلے گھر سے نکلتے وقت ذیل کے اسمائے مبارکہ پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونک مارے گا تو وہ انشاء اللہ سفر کی ہر آفت و حادثہ سے محفوظ و مامون رہ کر بخیریت گھر واپس آئے گا اور دوران سفر اسے غیبی امداد بھی حاصل ہوگی۔ اسمائے مبارکہ یہ ہیں۔ یَا حَفِیظُ یَا وَدُوْدُ یَا رَحِیْمُ یَا مُوِیْدُ یَا حَفِیْظُ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا اَللّٰہُ یَا حَفِیْظُ۔

## مفلسی سے نجات

جو شخص ہر جمعہ کی صبح کو بعد نماز فجر اسم مبارک یَا حَقُّ ستر ہزار مرتبہ پڑھے گا اور دس جمعوں تک یہ عمل کرتا رہے گا اللہ تعالیٰ خود اس کے کفیل ہوں اور امداد غیبی سے اس کو روزی پہنچائیں گے وہ لوگوں کی محتاجی سے خلاصی پائے گا۔

## حصول عبادت

جو شخص اسم مبارک یَا حَکَمُ کا کثرت سے ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی باتوں کو

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



خلق میں قبولیت بخشے گا۔ ہر شخص اس کی جائز بات کو مانے گا۔ واعظ یا عالم ہے تو اس کے وعظ اور عالمانہ باتوں کو پذیرائی حاصل ہوگی، حاکم، قاضی یا جج ہونے کی صورت میں عام لوگ اس کے فیصلوں سے راضی، خوش اور مطمئن ہوں گے اور اس کے فیصلوں کے خلاف اپیل نہ کریں گے۔

## تسخیر خلائق

جو شخص اسم مبارک یَا حَکَمُ کا کثرت سے ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی باتوں کو خلق میں قبولیت بخشے گا۔ ہر شخص اس کی جائز بات کو مانے لگا۔ وعظ یا عالم ہے تو اس کے وعظ اور عالمانہ باتوں کو پذیرائی حاصل ہوگی۔ حاکم، قاضی یا جج ہونے کی صورت میں عام لوگ اس کے فیصلوں سے راضی، خوش اور مطمئن ہوں گے اور اس کے فیصلوں کے خلاف اپیل نہ کریں گے۔

اس اسم مبارک کا وردرات کو روزانہ پانچ ہزار مرتبہ کم سے کم کیا جائے گا تو اس کی برکت سے اثر پذیری ظاہر ہوگی۔

## روحانی ترقی

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کا باطن نور الٰہی سے روشن وتاباں ہو تو وہ اپنے گناہوں سے تائب ہو کر رزق حلال اختیار کرے۔ پھر رات کو بارہ بجے وضو کر کے قبلہ رخ بیٹھ کر اسم مبارک یَا حَکَمُ اس قدر پڑھے کہ پڑھتے پڑھتے بے ہوش ہو جائے تو اللہ اس کے باطن کو روشن کر دیں گے اور وہ صاحب باطن شخص بن جائے گا۔



## مقدمہ میں کامیابی

اگر کسی جج کے سامنے بڑا پیچیدہ کیس ہو اور اس سے اس پر فیصلہ سنانے میں دشواری کا سامنا ہو تو وہ جج بعد از نماز عشاء تین مرتبہ اسمائے مبارکہ یَا عَالِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ پڑھنے کے بعد ایک ہزار مرتبہ اسم مبارک یَا حَکَمُ پڑھے اور پھر خاموش ہو کر سو رہے اور صبح کو اس معاملے پر حکم لکھائے۔ انشاء اللہ فیصلہ حق کے مطابق ہوگا اور ناحق نہ ہوگا۔

## میاں بیوی میں محبت

اگر میاں بیوی میں شوہر کی بدمزاجی کے باعث گھر میں ناچاقی اور نااتفاقی پیدا ہوگئی ہو اور بیوی چاہے کہ اس کا شوہر اس سے محبت کرے اور دونوں کے درمیان ہمیشہ پیار و محبت قائم و برقرار ہو جائے تو وہ عورت باوضو حالت میں کھانے کی میز پر اسم مبارک یَا حَکِیْمُ ایک ہزار مرتبہ دم کر کے وہ چیز اپنے بدمزاج شوہر کو کھلا دے۔ انشاء اللہ اس اسم کی برکت سے شوہر کی بدمزاجی ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گی اور دونوں میاں بیوی میں مؤافقت اور محبت پیدا ہوگی اور پھر دونوں کے درمیان محبت ہمیشہ برقرار رہے گی۔

## میاں بیوی میں محبت

اس مقصد کے لئے اسم مبارک یَا حَکِیْمُ ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر کھانے پر دم کریں اور میاں بیوی کو کھلائیں۔ دونوں کے درمیان موافقت، انس والفت دائمی پیدا ہو جائے گی یہ عمل سات روز تک کرنے سے ہمیشہ ان کے درمیان اتفاق و محبت رہے گا اور کبھی بھی کوئی بات باعث نزع نہ بنے گی۔

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## تسخیر خلائق

جو شخص بعد از نماز ظہر اسم مبارک یَا حَکِیْمُ نوے مرتبہ پڑھا کرے گا اور اس پر ہمیشگی اختیار کرے گا اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے خلائق کی نگاہ میں عزت و احترام اور سرخروئی عطا فرماویں گے۔

## الجھن سے نجات

جو شخص بعد از نماز ظہر نوے مرتبہ اسم مبارک یَا حَکِیْمُ پڑھے گا اور اس پر مداومت رکھے گا تو اس کی کوئی الجھن باقی نہ رہے گی اور اس کے کسی بھی معاملے میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ نہ آئے گی۔

## تسخیر الخلائق

جو شخص اسم مبارک یَا حَلِیْمُ کو بعد از نماز ظہر نو مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے گا وہ خلقت کی نظروں میں سرخرو ہوگا۔ لوگوں کے سامنے باوقار رہے گا اور اس کی توقیر بڑھے گی اور اسے لوگوں کے سامنے ندامت، ذلت یا شرمندگی نہیں اٹھانی پڑے گی۔

## حاجت روائی

اگر کوئی شخص روزمرہ کی ضروریات کے لئے اسمائے مبارکہ یَا حَلِیْمُ یَا عَلِیْمُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کی جملہ ضروریات پوری فرمائیں گے۔



## ہر قسم کے شر سے نجات

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ ہر فرد اس کو نقصان نہ پہنچائے اور اس کے اخلاق درست اور اچھے ہوں۔ تو وہ شخص اسم مبارک یَا حَلِیْمُ کا ورد بکثرت کیا کرے۔ اس اسم مبارک کی بدولت اللہ تعالیٰ اپنی خاص رحمت سے اسے نرم دلی اور برداشت و تحمل عطا فرمائیں گے۔ اس میں غصہ کم اور نرم دلی زیادہ ہوگی۔ وہ دشمنوں کی برائیوں، زیادتیوں اور سختیوں کو برداشت کرنے والا ہوگا اس کے اخلاق و اوصاف نہایت درست اور اچھے ہوں گے اور ہر قسم کے نقصانات سے باوجودیکہ دشمنوں کے دشمنی کے محفوظ و مامون رہے گا۔

## مشکل کشائی

اگر کسی کو انتہائی سخت مہم درکار ہو اور بے پناہ رکاوٹیں ہوں اور کامیابی کا حصول ناممکن نظر آتا ہو تو ایسے میں اسمائے مبارک یَا حَلِیْمُ یَا عَلِیْمُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ ایک لاکھ اکیاون ہزار مرتبہ بصورت ختم پڑھے انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم فرما کر اس مہم میں آسانی پیدا کریں گے اور تمام رکاوٹیں دور ہو کر بآسانی مہم میں سرخروئی عطا ہوگی۔

## کتے کے کاٹے کے زہر

اگر کسی شخص کو کتے نے کاٹ لیا ہو تو اس کے لئے سفید کاغذ پر زعفران سے باوضو حالت میں اسمائے مبارکہ یَا حَلِیْمُ یَا حَکِیْمُ لکھ کر روغن زیتون میں ملا کر اسے کھلایا جائے اس سے انشاء اللہ زہر کا اثر ختم ہو جائے گا اور مریض تندرست ہو جائے گا۔

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## گالیوں سے نجات

جو شخص ہر وقت گالیاں اور فحش کلمات بکتا ہو اور کسی بھی صورت میں اپنی ان عادات قبیح سے باز نہ آتا ہو اور ہر حربہ ناکام ہو جائے تو ایسی حالت میں اس کے والدین یا کوئی عزیز کورا پیالہ مٹی کا لے اور اس پر اسم مبارک یَا حَمِیْدُ نو بار باوضو حالت میں لکھے اور پھر نوے مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر اس پیالے پر دم کرے اور ہمیشہ بعد کوشش کر کے اس کو اس پیالے سے پانی پلایا کریں۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت وہ بدزبانی اور فحش گوئی سے ہمیشہ کے لئے تائب ہو جائے گا اور اس کی عادت ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گی۔

## نظر بد

جو شخص روزانہ بعد نماز فجر اسم مبارک یَا حَمِیْدُ ایک سو مرتبہ پابندی سے پڑھا کرے گا وہ بفضل تعالیٰ ہر قسم کی نگاہ بد سے محفوظ و مامون رہے گا اور نہ ہی بذات خود کسی پر نگاہ بد ڈالے گا۔

## شر سے نجات

جو شخص بعد از نماز فجر روزانہ اسم مبارک یَا حَمِیْدُ پڑھے گا انشاء اللہ سے دوسروں کی برائی سے اللہ تعالیٰ اپنے حفظ و امان میں رکھیں گے اگر اس کا کوئی دشمن بھی اس کے سامنے آئے گا تو نگاہ نیچی کر کے چلا جائے گا اور کسی بھی قسم کی برائی اور شر نہ پہنچا سکے گا۔

## تحفہ کی قبولیت

اگر کوئی کم تر شخص کسی بڑے آدمی کو اپنی حیثیت کے مطابق معمولی تحفہ بھیجے اور



اس پر ستر مرتبہ اسم مبارک یَا حَمِیْدُ پڑھ کر دم کرے تو انشاء اللہ وہ تحفہ نہایت خوش دلی اور عزت و احترام سے قبول ہو اور سراہا جائے گا۔

## دولت میں برکت

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَا حَنَّانُ کا کثرت سے ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے خیر و خوبی اور دولت و برکت عطا فرمائے گا اور اسے دولت و غناء، تجارت میں نفع، کاروبار میں ترقی اور رزق حلال میں وسعت جیسی بے بہا نعمتیں حاصل ہوں گی۔

## بیماری سے نجات

جو بیمار شخص اسم مبارک یَا حَیُّ کا ورد کثرت سے کرے گا اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے شفا کاملہ بخشیں گے۔

## روحانی ترقی

جو شخص اسم مبارک یَا حَیُّ کا بکثرت ورد رکھے گا۔ بفضل تعالیٰ اس کی روحانی طاقت میں بہت اضافہ ہو جائے گا۔

## ہر مرض سے نجات

جو شخص بیمار کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اسم مبارک یَا حَیُّ متعدد مرتبہ پڑھ کر دم کرے گا تو مریض کو فوری شفاء حاصل ہو گی۔ سات بار کے اس عمل سے مرض کا نام و نشان بھی نہ رہے گا۔

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## بے خوابی سے نجات

اگر کسی کو بے خوابی کی شکایت ہو اور نیند کسی بھی طریقے یا دوا سے نہ آتی ہو تو اسم مبارک یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ کا بکثرت ورد کیا کرے۔ انشاء اللہ بے خوابی کی شکایت رفع ہو جائے گی اور گہری نیند آیا کرے گی۔

## رنج و غم سے نجات

اگر کوئی شخص ورد رسول ﷺ بکثرت کرے گا وہ بفضل تعالیٰ ہر قسم کے رنج، غم و الم سے محفوظ رہے گا اور رحمت الٰہی کا اس پر نور برسے گا۔ ذکر یہ ہے۔

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ۔

## دشمن پر فتحیابی

جو شخص تین دن روزے رکھ کر اسم مبارک یَاحَافِظُ کو ستر ہزار مرتبہ پڑھے گا وہ بفضل ایزدی اپنے دشمن پر فتح پائے گا۔

## تکبر سے نجات

جو شخص تکبر اور غرور میں مبتلا ہو اور اس سے نجات چاہتا ہو تو ایسا شخص اسم مبارک یَاحَافِظُ کا ورد کثرت سے کیا کرے۔ بفضل تعالیٰ اس عمل کی برکت سے تکبر اور غرور سے خود بخود متنفر ہو کر اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مخالفت کرنے والوں کے خلاف ڈٹ جائے گا اور ایسے لوگوں کو خاطر میں نہیں لائے گا۔



## ہلاکت سے بچنے

جس شخص کو شر پسندوں کے ہاتھوں جان جانے کا اندیشہ لاحق ہو وہ اسم مبارک یَاحَافِظُ کو ہر روز بعد از نماز فجر پانچ سو بار پڑھے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اندیشہ ہلاکت سے محفوظ رہے گا اور اس کو کوئی بھی گزند نہ پہنچا سکے گا۔

## دشمن پر فتح یابی

لڑائی یا مقابلے میں جو شخص اسم مبارک یَاخَالِقُ تین سو مرتبہ پڑھے گا وہ اپنے دشمن پر غالب رہے گا۔

## چہرے کی کشش

جو شخص اسم مبارک یَاخَالِقُ کا ورد کرے گا اور بے گنتی صبح و شام پڑھتا رہے گا اللہ تعالیٰ اس اسم کی برکت سے اس کے دل اور چہرے کو نورانی بخشیں گے اور اس کا دل قوی ہو جائے گا۔ نیز حق تعالیٰ اس شخص کے لئے ایک فرشتہ پیدا کرے گا وہ پھر قیامت تک وہ فرشتہ جس قدر بھی عبادات کرے گا وہ اس شخص کے نامہ اعمال میں لکھی جائے گی۔

## بدمزاجی سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَاخَالِقُ کثرت سے ورد کرے گا تو اس کی بدمزاجی کی عادت ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گی اور خوف اللہ سے مزین ہوگا۔

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# بانجھ پن سے نجات

جو عورت بانجھ ہو اور اس کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو۔ تو اس کا شوہر جمعرات، جمعہ اور ہفتہ تین دن روزے رکھے اور بعد از نماز ظہر اسم مبارک تین ہزار مرتبہ یَاخَالِقُ بمعہ اول و آخر درود شریف سو سو مرتبہ پڑھ کر پانی کو دم کرے اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے کہ اے خالق اپنے اس اسم مبارک کے وسیلہ جلیلہ سے مجھے فرزند صالح عطا فرما اور پھر یہ پانی اپنی بیوی کو آدھا پلائے اور آدھا خود پیئے۔ انشاء اللہ اس عمل سے وہ عورت حاملہ ہوگی اور صحیح سلامت بچہ جنے گی۔

# شیطان کے شر سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَاخَبِیْرُ کا کثرت سے ورد کرے گا وہ انشاء اللہ شیطان و نفس کے مکر و فریب سے محفوظ و مامون رہے گا اور نفسانی خواہشات سے بچا رہے گا۔

# روحانی ترقی

جو شخص اسم مبارک یَاخَبِیْرُ کا ورد کثرت سے کرے گا وہ صاحب رموز و اسرار الٰہی بن جائے گا اور اسے غیبی علم حاصل ہو جایا کرے گا۔

# مصیبتوں سے نجات

جو شخص طرح طرح کی مصیبتوں میں مبتلا رہتا ہو جس کی وجہ سے ہر طرف سے پریشانیوں اور ذلتوں نے اسے گھیر رکھا ہو اور حالات دم بدم خراب سے خراب ہوتے جا رہے ہوں۔ ایسے میں اس پر لازم ہے کہ وہ اسم مبارک یَاخَلَّاقُ پڑھے۔ اول و



آخر درود شریف سات سات مرتبہ پڑھے اور اس ورد کے بعد پانی دم کر کے ہر روز سات دن تک یہ پانی پیئے اور اس اسم مبارک کا نقش بنا کر اپنے گلے میں ڈالے۔ اس عمل کی بدولت بفضل تعالیٰ عورت کا حمل برقرار رہے گا۔ بعد از ولادت وہ نقش عورت کے گلے سے اتار کر بچے کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ وہ بچہ طویل العمر اور صحت مند ہوگا۔

# قوت حافظہ

دماغ کی کمزوری یا ضعف کی صورت میں تین عدد مغز بادام لے کر ان پر اسم مبارک یَا ذُوالْجَلَالِ وَ الْاِکْرَام پڑھ کر دم کریں۔ ایک مغز بادام صبح کو ایک مغز بادام دوپہر کو اور ایک مغز بادام رات کو سوتے وقت کھالیں۔ انشاء اللہ اکیس یوم کے اس عمل سے دماغ کی کمزوری اور ذہن کی خرابی رفع ہو جائے گی۔

# مقدمہ میں کامیابی

اگر کوئی شخص کسی مقدمے میں یقینی کامیابی حاصل کرنے کا خواہش مند ہو تو وہ اسم مبارک یَا ذُوالْجَلَالِ وَ الْاِکْرَام کا ختم شریف بہ طریق ذیل پڑھے۔

اس کے لئے تین یا پانچ یا سات افراد مل کر پاک صاف جگہ پر باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر سب سے پہلے ایک ہزار مرتبہ درود پاک اس کے بعد سوا لاکھ مرتبہ اسم مبارک یَا ذُوالْجَلَالِ وَ الْاِکْرَام اور پھر آخر میں درود پاک ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر خلوص نیت سے پندرہ منٹ تک اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی و انکساری سے دعا مانگیں انشاء اللہ اس مقدمے میں بفضل باری تعالیٰ کامیابی نصیب ہوگی۔

ختم شریف کے لئے موزوں وقت بعد از نماز فجر یا نماز عشاء ہے۔

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# شدت غم سے نجات

اگر کوئی شخص کسی دکھ، تکلیف یا صدمے کی وجہ سے سخت غمگینی میں مبتلا ہو گیا ہو اور غم کی شدت کی وجہ سے اسے کسی کل چین نہ آتا ہو تو ایسے میں باوضو حالت میں اسم مبارک یَا ذُوالْجَلَالِ وَ الْاِکْرَام پانچ سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس شخص کو یہ پانی پلائیں فوری شدت غم میں کمی واقع ہو جائے گی۔ سات بار کے عمل کے تسلسل سے غم و رنج سے مکمل نجات مل جائے گی اور طبیعت ہشاش بشاش ہو جائے گی۔

# عزت و مرتبہ

اگر کوئی نوکر کسی وجہ سے اپنے آقا کی نظر سے گر گیا ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اس کی عزت آقا کی نظر میں بحال ہو جائے تو ایسے میں اس پر لازم ہے کہ وہ اس مبارک یَا ذُوالْجَلَالِ وَ الْاِکْرَام ہر روز خلوص نیت سے ایک ہزار مرتبہ صبح و شام پڑھا کرے۔ انشاء اللہ اکیس روز کے عمل سے اسے اپنے آقا کی نظروں میں پہلے جیسا مقام عزت حاصل ہو جائے گا۔

# روحانی ترقی

جو شخص اسم مبارک یَا ذُوالْجَلَالِ وَ الْاِکْرَام کا ورد روزانہ کم از کم اکیس ہزار مرتبہ باوضو یکسوئی کے ساتھ خلوت میں کرے گا۔ وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اسرار غیبی کے مشاہدات کا نظارہ ہر وقت اس کثرت سے کرے گا کہ اسے دوسری طرف متوجہ ہونے کی فرصت ہی نہ ملے گی۔



# حصول عبادت

جو شخص اسم مبارک یَا رَافِعُ کا بکثرت ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے دل میں دین اسلام کی محبت اور شوق پیدا کرے گا۔ وہ ہر وقت دین اسلام کی ترقی کی فکر میں رہے گا۔ وہ اسلام کے غلبہ سے خوش اور کمزوری سے رنجیدہ ہوگا۔ ہر حال میں اسلام کے ساتھ بے پناہ محبت اور وابستگی رکھنے کے ساتھ ساتھ دل کی گہرائیوں سے اسلام کی سربلندی کا طالب رہے گا اور حتی المقدور اس کی سربلندی کے لئے کوشاں رہے گا۔

# تسخیر حاکم

جس کسی شخص کو بڑے آدمی یا حاکم کے پاس جاتے ہوئے خوف آتا ہو تو ایسے میں وہ تین روز تک ہر روز اسم مبارک یَا رَافِعُ پڑھے اور اپنے اوپر دم کرنے کے علاوہ متعلقہ حکام یا آفیسر کا تصور بھی کر کے پھونک لگائے اور پھر یَا رَافِعُ پڑھ کر اس آفیسر یا حکام کے پاس جائے انشاء اللہ عزت افزائی پائے گا اور حکام یا آفیسر اس کا مقصد حل فرمائے گا۔

# حاجت روائی

جو شخص ہر نماز کے بعد اسم مبارک یَا رَافِعُ کو اکیس بار ہمیشہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ اس کی برکت سے ہر حاجت بر آئے گی۔ ہر جائز خواہش بفضل ایزدی پوری ہوگی اور کوئی مشکل اس کی اٹکی نہ رہے گی۔

# مرض نسیان سے نجات

جو شخص مرض نسیان میں مبتلا ہو اور ہر بات بھول جاتا ہو تو اس کے لئے لازم ہے کہ وہ ہر

Oureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



فرض نماز کے بعد اسم مبارک اَلرَّحْمٰنُ سو مرتبہ پڑھا کرے۔ انشاءاللہ اس عمل کی بدولت اکیس روز میں یہ مرض رفع ہو جائے گا اور اس کی یادداشت تیز ہو جائے گی اور وہ کوئی بھی بات نہ بھول پائے گا۔

## آشوب چشم سے نجات

جو شخص ٹھیک دوپہر یعنی زوال کے وقت باوضو بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ اسم مبارک یَارَحْمٰنُ کا ورد کر کے پانی پر دم کرے پھر اپنی یا کسی دوسرے کی دکھتی ہوئی آنکھ پر دم کیئے ہوئے پانی میں سرمے کی سلائی تر کر کے سات سات مرتبہ سلائیاں لگائے گا انشاءاللہ تین دن میں آنکھیں اچھی ہوں گی اور ایک سال تک دکھنے نہ پائیں گی۔

## آشوب چشم سے نجات

جو شخص بعد از نماز فجر دو سو اٹھانوے بار اسم مبارک یَارَحْمٰنُ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پھر اپنی یا کسی دوسرے کی دکھتی ہوئی آنکھوں میں سلائی سے دم کیئے ہوئے پانی میں تر کر کے لگائے تو انشاءاللہ آشوب چشم سے محفوظ و مامون رہے گا اور مکمل شفاء دکھتی آنکھوں کو ملے گی۔

## سختی دل سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَارَحْمٰنُ کا ورد کثرت سے کرے گا وہ رقت قلب جیسے اوصاف سے نوازا جائے گا۔ وہ کسی مصیبت زدہ کو دیکھتے ہی اس کی مصیبت رفع کرنے کی پوری پوری کوشش کرے گا۔

## کاہلی اور سستی سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَارَحْمٰنُ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ اس کے اندر بفضل



تعالیٰ سستی اور کاہلی کی تمام علامات ختم ہو کر وہ شخص چست و ہوشیار بن جائے گا اور اس وجہ سے لاحق تمام پریشانیوں اور مشکلات سے نجات پائے گا۔

## غفلت سے نجات

جو شخص ہر نماز کے بعد یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ اسمائے مبارک کا ورد اکیس مرتبہ روزانہ کیا کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے مزاج سے نسیان، غفلت اور بھول چوک دور فرما دیں گے۔

## حاجت روائی

اگر کسی کی ایسی حاجت ہو جو کسی بھی تدبیر سے پوری ہوتی نظر نہ آئے اور مایوسی بڑھ رہی ہو تو ایسے میں وہ شخص ذیل کا عمل کرے۔

اس مقصد کیلئے ہفتہ کے دن سے عمل بعد از نماز فجر شروع کرے۔ ہفتہ کے دن سو مرتبہ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ اتوار کے دن سو مرتبہ یَاوَاحِدُ یَااَحَدُ بمعہ درود شریف اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ۔ پیر کے دن سو مرتبہ یَاصَمَدُ یَافَرْدُ بمعہ درود شریف اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ۔ منگل کے دن سو مرتبہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بمعہ درود شریف اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ۔ بدھ کے دن سو مرتبہ یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ بمعہ درود شریف اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ۔ جمعرات کے دن سو مرتبہ یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام بمعہ درود شریف اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ۔ جمعہ کے دن سو مرتبہ یَااَللّٰہُ یَاھُو بمعہ درود شریف اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر ہر روز اللہ کے حضور اپنی حاجت برآری کے لئے دعا کرے۔ انشاءاللہ اس عمل کی بدولت چند یوم میں ہی حاجت برآئے گی۔ اس عمل کو تاحصول مقصد جاری رکھے۔

Oureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## بے ہوشی سے نجات

اگر کوئی شخص نقاہت یا کسی مرض کی شدت کی تاب نہ لا کر بے ہوش ہو جائے تو ایسے میں اسے ہوش میں لانے کے لئے اسم مبارک یَا رَحْمٰنُ یَا سَلَامُ تین سو مرتبہ اس کے پاس بیٹھ کر پڑھنے کے بعد اسے دم کرنے سے وہ مریض ہوش میں آ جائے گا۔

## خاتمہ بالایمان

جو شخص اسم مبارک یَا رَحِیْمُ ایک ہزار مرتبہ روزانہ ورد رکھے گا تو اس کا خاتمہ ایمان سے بھرپور ہوگا اور اگر کافی بالعقیدہ راسخ پڑھے گا تو مسلمان ہو کر اس دنیا سے رخصت ہوگا۔

## تسخیر خلائق

جو شخص بعد از نماز فجر روزانہ اسم مبارک یَا رَحِیْمُ پوری توجہ سے پانچ سو مرتبہ پڑھے گا۔ دوسروں کے دل اس کے لئے نرم ہوں گے اللہ کی مخلوق اس پر مہربان ہوگی۔ اس کا دشمن بھی نرم ہو کر نقصان پہنچانے سے باز رہے گا۔

## بھوک کی کمی سے نجات

اگر کسی کی بھوک کسی بھی وجہ سے ختم ہو جائے اور باوجود یکہ علاج معالجہ کے بھوک بالکل نہ لگتی ہو اور اس وجہ سے جسمانی کمزوری بڑھ رہی ہو تو ایسے میں اس کو بارہ مرتبہ بسم اللہ شریف معہ اسم مبارک یَا رَحِیْمُ پڑھ کر کھانے کی میز پر دم کر کے دی جائے اور وہ اسے کھائے تو انشاء اللہ اس ورد کی برکت سے اسے بھوک لگنی شروع ہو جائے گی۔ اس مقصد کے لئے عمل تین دن تک جاری رکھا جائے۔



## نوکری کی بحالی

اگر کسی شخص کی نوکری چھوٹ گئی ہو اور وہ اس پر اپنی بحالی چاہتا ہو تو اس مقصد کے لئے تین دن تک روزے رکھے اور ہر صبح بعد از نماز فجر دس ہزار مرتبہ اسم مبارک یَا رَزَّاقُ پڑھے اول و آخر درود شریف تاج سات سات مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ اسی جگہ یا کہیں اور بہتر ملازمت مل جائے گی۔ یہ عمل انتہائی سریع الاثر ہے۔

## مفلسی سے نجات

جو شخص صبح صادق ہونے کے بعد قبل از نماز فجر اپنے گھر کے چاروں کونوں میں باری باری کھڑا ہو کر دس دفعہ اسم مبارک یَا رَزَّاقُ پڑھ کر پھونک لگائے گا تو اس کے گھر میں کبھی بھی مفلسی نہ آئے گی۔ اس کے لئے عمل پہلے دائیں کونے سے شروع اپنا چہرہ قبلہ رخ ہی رکھے۔

## رزق میں برکت

جو شخص اسم مبارک یَا رَزَّاقُ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اسے غیب سے روزی ملے گی اور اس کے گھر میں کبھی مفلسی ناداری یا محتاجی نہ آئے گی۔

## مشکل کشائی

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَا رَشِیْدُ کا کثرت سے ورد رکھے گا تو بفضل تعالیٰ اس کی تمام مہمات دنیا و دنیوی میں رب تعالیٰ خود آسانیاں فرما دیں گے اور اس کے تمام کام بحسن و خوبی انجام پائیں گے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## نیک اوصاف

جو شخص اسم مبارک یَارَشِیْدُ کا کثرت سے ورد کرے گا وہ انشاء اللہ تعالیٰ نیک خصلت اور نیک اعمال کا حامل بن جائے گا اور اس کی طبیعت میں کسی قسم کا کھوٹ باقی نہ رہے گا۔

## حفاظت مال

جو شخص اسم مبارک یَارَقِیْبُ کا بے حد کثرت سے ورد کرے گا۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے مال واسباب اور کاروبار کو اپنے فضل وکرم سے حفاظت میں رکھے گا اور اسے حاسدوں اور دشمنوں کے ہاتھوں لاحق ہونے والے تمام نقصانات سے محفوظ رکھے گا۔

## جسم انسانی کی حفاظت

جو شخص اسم مبارک یَارَقِیْبُ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کے تمام اعضائے جسمانی کو اپنی رحمت سے ہر قسم کی بیماری وغیرہ اور حوادثات سے محفوظ و مامون رکھے گا۔

## پھوڑے پھنسی سے نجات

اس مقصد کے لئے اسم مبارک یَارَقِیْبُ تین سو مرتبہ پڑھ کر سات دن مسلسل پھوڑے پھنسی پر دم کرنے سے اس سے بفضل تعالیٰ نجات مل جاتی ہے۔

## جائیداد کی بازیابی

اگر کسی کی جائیداد ناجائز وجوہات کی بناء پر چھن گئی ہو اور اس کے حصول کی اس



میں قوت، ہمت واستطاعت نہ ہو تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اسم مبارک یَارَقِیْبُ کا کثرت سے ورد کرے اور اللہ تعالیٰ سے طالب امداد ہو۔ انشاء اللہ غیب سے چھنی ہوئی جائیداد کی ملکیت کا بندوبست اور سامان ہو جائے گا۔

## حفاظت سفر

جو شخص سفر پر اپنے اہل وعیال کے ساتھ جانے سے پہلے سات مرتبہ اسم مبارک یَارَقِیْبُ پڑھ کر ان سب پر دم کرے تو اللہ تعالیٰ ان سب کی حفاظت خود فرمائے گا اور وہ سب سفر سے صحیح سلامت واپس اپنے گھر آئیں گے۔

## حفاظت مال

جو شخص اسم مبارک یَارَقِیْبُ کا ورد کثرت سے کرے گا اور اپنے گھربار، مال واموال کو تنہا چھوڑتے وقت اسم مبارک یَارَقِیْبُ کو سات مرتبہ پڑھ کر اس کے چاروں اور دم کرے گا۔ تو اس کی واپسی تک گھربار ہر قسم کی آفات وبلیات سے محفوظ رہے گا۔

## چوری سے حفاظت

جو شخص روزانہ رات کو سوتے وقت اسم مبارک یَارَقِیْبُ سات مرتبہ ورد کر کے گھر کے چاروں طرف دم کرے تو اس کا گھر چوروں اور ڈاکوؤں سے بفضل تعالیٰ محفوظ و مامون رہے گا۔

## حسن وجمال کی حفاظت

اگر کوئی حسین مرد یا عورت اسم مبارک یَارَقِیْبُ کا کثرت سے ورد رکھے گا تو

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com
Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس اسم مبارک کی بدولت اللہ تعالیٰ اس کے حسن و جمال کی حفاظت فرمائے گا اور اسے حاسدین اور سفلی اعمال کے بداثرات سے محفوظ و مامون رکھے گا۔

## بداخلاقی سے نجات

جو شخص بے حد بداخلاق ہو اور اپنی اس عادت سے نالاں ہو تو اس کے لئے لازم ہے کہ وہ شخص خود صبح کو تین سو مرتبہ اسم مبارک یَارَؤُفُ اور تین سو مرتبہ شام کو پڑھے۔ انشاء اللہ اکیس یوم کے اندر اندر اس عمل کی بدولت اس کے اندر بداخلاقی ختم ہو کر خوش اخلاقی کے آثار پیدا ہو جائیں گے اور وہ اس عادات بد سے مکمل نجات پالے گا۔

## بے راہ روی سے نجات

جو شخص یا بچہ آوارہ گرد ہو اور بے راہ روی کی عادت بد میں غلط سوسائٹی کی وجہ سے پڑ گیا ہو اور وہ یا اس کے والدین یا عزیز اس کی عادت سے تنگ آ چکے ہوں اور کسی بھی طرح وہ اپنی اس روش کو بدل نہ سکے تو ایسے میں وہ خود یا اس کا عزیز، والدین اسم مبارک یَارَؤُفُ تین سو مرتبہ صبح اور تین سو مرتبہ شام کو باوضو حالت میں پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے یا وہ اس کا تصور کر کے دم کریں۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت چالیس روز کے اندر اندر وہ اس بداطواری کے فعل سے باز آ جائے گا اور بری سوسائٹی چھوڑ دے گا۔

## تسخیر

اگر کوئی کسی مطلوب کی تسخیر کا آرزومند ہو تو اس کے لئے اسم مبارک کی کثرت کرے۔ اس اسم مبارک یَارَؤُفُ کی برکت سے انشاء اللہ جلد ہی اپنے دلی مقصد میں کامیابی ہوگی۔ اس اسم کو ناجائز مقاصد کے لئے نہ پڑھا جائے ورنہ عذاب الٰہی کا مستوجب ہوگا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



## مشکل کشائی

اگر کوئی سخت گیر حاکم یا جج مظلوم کی دادرسی نہ کرتا ہو اور نہ ہی اس معاملے میں کوئی سفارش کام آتی ہو تو ایسے میں وہ شخص اسم مبارک یَارَؤُفُ ایک سو دس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ اس کی دادرسی فرما کر غیب سے امداد مہیا کریں گے۔

## میاں بیوی میں محبت

جو دلہن بوقت رخصتی اسم مبارک یَارَؤُفُ سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے شوہر کے ساتھ جائے گی تو اس کا شوہر اس پر ساری زندگی مہربان رہے گا اور اس کے درمیان کبھی بھی ناچاقی و نااتفاقی پیدا نہ ہوگی بلکہ تمام عمر الفت و یگانگت رہے گی۔

## نیک اوصاف

جو شخص اسم مبارک یَارَؤُفُ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے رحمت و شفقت کے اوصاف سے متصف فرمائے گا اور ہر ایک سے شفقت و مہربانی کا سلوک کرے گا۔

## قوت حافظہ

جو شخص بکثرت ورد اسم مبارک یَاسَلَامُ رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو علم اور قوت حافظہ میں زیادتی جیسے وصف سے نوازیں گے۔

Oureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## سختی دل

جو شخص اسم مبارک یَاسَلَامُ کا ورد کثرت سے کرے گا اس کے دل میں دوسروں کے لئے دردمندی پیدا ہوگی اور وہ رقیق القلب بن جائے گا۔

## ہر قسم کی معذوری

جو شخص ہر روز بعد نماز فجر یَاسَلَامُ اسم مبارک کا ورد ایک ہزار مرتبہ کرے گا۔ انشاء اللہ تادم مرگ اندھے پن، اپاہج، لاچاری اور معذوری سے بفضل ایزدی محفوظ و مامون رہے گا۔

## عادات بد سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَاسَلَامُ کا ورد کثرت سے کرے گا وہ ہر قسم کے افعال رذیلہ سے تاحیات محفوظ و مامون رہے گا اور نیکی کے کاموں میں رغبت رکھے گا۔

## درد پھیپھڑا سے نجات

جس شخص کے پھیپھڑے میں کسی بھی وجہ سے درد ہو یا پانی بھر جائے تو وہ شخص باوضو حالت میں اسمائے مبارکہ اَلسَّلَامُ الْمُؤْمِنُ کو تین سو مرتبہ پڑھ کر مٹھائی پر دم کر کے کھائے۔ چند دن کے عمل سے اس مرض سے نجات مل جائے گی۔

## قبولیت دعا

جو شخص اسم مبارک یَاسَمِیْعُ جمعرات کے دن گیارہ بجے چاشت کی نماز پڑھنے



کے بعد پانچ سو مرتبہ پڑھے گا اور اس عمل کے دوران کوئی گفتگو نہ کرے گا تو جو بھی دعا اللہ کے حضور مانگے گا وہ قبول ہوگی۔

## بہرا پن سے نجات

جو شخص ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ اسم مبارک یَاسَمِیْعُ کا ورد رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بہرے پن سے حفاظت میں رہے گا۔

## مستجاب الدعوات

جو شخص اسم مبارک یَاسَمِیْعُ کا کثرت سے ورد کرے گا بفضل تعالیٰ خلائق اور مستجاب الدعوات بن جائے گا۔ بلند مراتب پائے گا اور مخلوق خدا کی خدمت کو عین عبادت تصور کرے گا۔

## داغ اور زخم کے نشان سے نجات

اگر کسی کے جسم پر داغ اور زخم کے یا جلنے کے نشان ہوں تو ایسی صورت میں صبح سورج نکلنے سے پہلے اور رات کو سونے سے پہلے بسم اللہ شریف ایک ہزار اور پھر ایک ہزار اسم مبارک یَاشَافِیُ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرے اور ہاتھوں کو داغوں اور نشانوں پر پھیرے۔ اس کے ساتھ ہی جب بھی پانی یا کوئی مشروب پیئے۔ گیارہ مرتبہ یَاشَافِیُ پڑھ کر اس پر دم کر لیا کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت داغ اور نشان صاف ہوجایا کریں گے۔

## جریان سے نجات

اگر کسی شخص کو جریان کی شکایت ہو تو وہ ذیل کا عمل کرے ہر روز صبح نہار منہ سورج نکلنے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سے پہلے شمال کی طرف منہ کر کے ایک پیالہ پانی بنا کر وہ پانی ایک ایک گھونٹ کر کے تین گھونٹ میں پی لے انشاءاللہ چند یوم کے عمل سے مکمل شفاء پائے گا۔ اسمائے مبارکہ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

یَا شَافِیُ یَا شَافِیُ یَا شَافِیُ

یَا کَافِیُ یَا کَافِیُ یَا کَافِیُ

یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ

یَا رَحِیْمُ یَا رَحِیْمُ یَا رَحِیْمُ

## اہل وعیال کی حفاظت

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَا شَاهِدُ کا کثرت سے ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کو اور اس کے اہل وعیال کو ہر مصیبت اور پریشانی سے نجات عطا فرمادیں گے اور اپنے حفظ وامان میں رکھیں گے۔

## بینائی کی بحالی

جس شخص کی آنکھوں کی بینائی جاتی رہی ہو وہ شخص اسم مبارک یَا شَکُوْرُ اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پھر اس میں سے تھوڑا سا پانی آنکھوں میں لگائے اور بقیہ پانی پی لے انشاءاللہ سات روز تک کے عمل سے بینائی بحال ہو جائے گی تا شفا مکمل اس عمل کو جاری رکھے۔

## روحانی ترقی

جو شخص اسم مبارک یَا شَکُوْرُ کے ورد کی کثرت رکھے گا تو اسے اللہ تعالیٰ اپنے



فضل وکرم سے مقام کشف عطا فرمادیں گے۔

## مفلسی سے نجات

جو شخص تنگی معاش سے عاجز ونالاں ہو تو وہ شخص اسم مبارک یَا شَکُوْرُ کو چالیس روز تک بلاناغہ پانچ ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ غیب سے وہ ایسا غنی ہوگا کہ خود بھی حیران رہ جائے گا۔

## شکر گزاری

جو شخص اسم مبارک یَا شَکُوْرُ کا ورد کثرت سے کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے شکر گزاری کے اوصاف سے متصف فرمائیں گے۔ وہ ہر شخص کی تھوڑی سی نیکی کو بھی بہت اہم جانے گا اور ذرا ذرا سی بات پر بہت سا انعام دے گا اور کبھی کسی بات کی ناشکری نہ کرے گا۔

## شب کوری سے نجات

جس کسی کو شب کوری کا مرض ہو۔ یعنی رات کو نظر نہ آتا ہو تو اس کے لئے لازم ہے کہ وہ اسم مبارک یَا شَکُوْرُ دس مرتبہ کا روزانہ اپنی آنکھوں پر کسی سے باوضو حالت میں کروائے انشاءاللہ چند یوم کے اس عمل سے شب کوری کا مرض رفتہ رفتہ ختم ہو کر مکمل شفا حاصل ہوگی۔

## روحانی ترقی

جو شخص کثرت سے اسم مبارک یَا شَهِیْدُ کا ورد تین سو انیس مرتبہ ہر روز کرے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



گا۔ اس پر سے بفضل ایزدی حجابات قلب اٹھ جائیں گے اور وہ غیبی مشاہدات سے مشرف ہوگا۔

## ریاکاری سے نجات

جو شخص ریاکاری جیسے خیالات سے بچنا چاہتا ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَا شَهِیْدُ ایک ہزار مرتبہ اس کے معانی پر غور و فکر کے ساتھ پڑھے۔ اکیس روز کے عمل سے اس عادت بد سے مکمل خلاصی پائے گا اور اس کا ہر کام ریاکاری سے مبرا ہوگا۔

## ریاکاری سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَا شَهِیْدُ کو اس کے معانی کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل کو ریاکاری سے پاک فرمائیں گے۔ اس مقصد کے لئے یہ عمل اکیس یوم بلاناغہ کرنا ہوگا۔

## نافرمان اولاد

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو اور اس کے سمجھانے بجھانے کے باوصف راہ راست پر نہ آتی ہو تو ایسے میں وہ شخص اسم مبارک یَا شَهِیْدُ کا ورد ایک ہزار مرتبہ باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر کرے اور نافرمان بیٹے یا بیٹی پر دم کرے۔ انشاء اللہ اکیس یوم کے عمل سے نافرمانی ختم ہو کر مکمل اطاعت اور فرمانبرداری کرے گا۔ اس عمل کو اگر نوے دن تک جاری رکھے تو تازندگی ان کی طرف سے کوئی شکایت پیدا نہ ہوگی اور وہ تاحیات اس کے فرمانبردار اور تابع فرمان رہیں گے۔



## بے ہوشی سے نجات

اگر کوئی مریض بے ہوش ہوگیا ہو اور شدت مرض کی اس میں تاب باقی نہ ہو اور اس کو ہوش میں لانے کی کوئی تدبیر کارگر نہ ہوتی ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَا شَهِیْدُ کو ایک سو اکیس مرتبہ باتصور ہوش پڑھ کر مریض کو دم کریں اور یہ کہ اللہ تعالیٰ اسے شفاء بخشنے کے لئے بذات خود موجود ہیں تو مریض فوراً ہوش میں آ جائے گا۔

## روحانی ترقی

جو شخص تجلی الٰہی کے مشاہدہ کی خواہش و آرزو رکھتا ہو تو ایسے میں اس پر لازم ہے کہ وہ اسم مبارک یَا شَهِیْدُ کا کثرت سے ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ بفضل الٰہی مشاہدہ الٰہی ہر شے اور ہر جگہ دیکھے گا وہ گناہ کے نزدیک جانے کو موت سے زیادہ برا خیال کرے گا اور کبھی بھی ایک لحظہ کے لئے ناپاک، بے غسل یا بے وضو رہنا پسند نہ فرمائے گا۔ اس کی حالت یہ ہوگی جیسے غلام بادشاہ کے دربار میں حاضری دیتے وقت ہوتا ہے۔

## صبر و تحمل

جو شخص اسم مبارک یَا صَبُوْرُ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ وہ بفضل باری تعالیٰ صاحب صبر و تحمل بن جائے گا اور اس اسم مبارک کی برکت سے وہ بڑی سے بڑی مصیبت اور کڑی سے کڑی سختی کو برداشت کرے گا اور کسی بھی معاملے میں عاجز نہ ہوگا۔

## حکام بالا کی ناراضگی دور کرنے کے لئے

اگر کسی ملازم کے حکام بالا اس سے کسی بھی وجہ سے ناراض ہوگئے ہوں اور وہ

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ان کو راضی کرنے کا خواہاں ہو تو ایسے میں آدھی رات یا ٹھیک دوپہر بارہ بجے قبلہ رخ باوضو حالت میں بیٹھ کر اسم مبارک یَا صَبُوْرُ ایک ہزار ایک سو ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ یہ عمل سات دن جاری رکھے گا۔ انشاء اللہ حکام بالا کی ناراضگی دور ہو جائے گی اور مدعا حاصل ہو جائے گا۔

## بھوک کی زیادتی سے نجات

اگر کسی شخص کو بھوک بہت زیادہ لگتی ہو اور کھانا کھانے سے اس کا پیٹ نہ بھرتا ہو تو ایسے شخص کے لئے لازم ہے کہ اسے اسم مبارک یَا صَمَدُ تین سو مرتبہ پڑھ کر کھانے پر دم کر کے وہ کھانا کھائے انشاء اللہ اس اسم کی برکت سے بھوک کی زیادتی کی شکایت دور ہو جائے گی۔

## صادق بننے کے لئے

جو شخص اسم مبارک یَا صَمَدُ صبح صادق سے پہلے پہلے وقت تہجد سجدے کی حالت میں ایک سو مرتبہ پڑھے گا وہ دنیا میں راست گو اور زبان کا سچا شخص بن جائے گا اور تا زندگی راستی پر قائم رہے گا۔

## ظالم کے ظلم سے نجات

جو شخص عشاء کی نماز کے بعد اسم مبارک یَا صَمَدُ ایک ہزار تین مرتبہ روزانہ ورد رکھے گا بفضل تعالیٰ ظالم کے ظلم سے امان میں رہے گا اور کبھی بھی اس کے پنجے میں گرفتار نہ ہوگا۔

## کاروبار میں برکت

جو شخص اسم مبارک یَا صَمَدُ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و



کرم سے اسے بھوک و پیاس کی شدت سے محفوظ رکھے گا اور اس کے رزق اور کاروبار میں بے حد برکت ہو جائے گی۔

## روحانی ترقی

جو شخص اسمائے مبارکہ یَا صَمَدُ یَا اَللّٰہُ گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے گا اللہ کے فضل و کرم سے صاحب کشف ہوگا اور عالی مرتبہ پائے گا۔ اسرار غیبی کا مشاہدہ کرے گا۔ اس عمل پر ہمیشگی اور اکل حلال اختیار کرنا ضروری ہے۔

## عزت و مرتبہ

جو شخص اسم مبارک یَا ضَآرُّ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ وہ بفضل باری تعالیٰ صاحب عزت و جاہ بن جائے گا اور لوگ اس کی حد سے زیادہ تعظیم و تکریم کریں گے۔

## ہر ضرر سے حفاظت

جو شخص اسم مبارک یَا ضَآرُّ کا کثرت سے ورد جاری رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے ہر طرح کے ضرر سے محفوظ و مامون رکھیں گے اور حاسدین اور دشمنوں کی ہر شرارت و بدخواہی سے محفوظ رہے گا۔

## دشمن پر فتح یابی

جو شخص اسم مبارک یَا ضَآرُّ کا کثرت سے ورد کرے گا اس کے اندر صفات فاروقی پیدا ہو جائیں گی اور وہ اللہ پاک کے دشمنوں سے شدید عداوت رکھے گا اور شریعت کے مخالفوں سے کبھی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## زلزلہ سے بچاؤ

جو شخص اپنے مکان کی پیشانی پر اسم مبارک یَاظَاھِرُ لکھ دے گا۔ انشاء اللہ اس کا مکان اس اسم مبارک کی برکت سے زلزلے سے محفوظ رہے گا۔

## روحانی ترقی

جو شخص یہ چاہے کہ اس کے ظاہر اور باطن کی اصلاح ہو جائے اور وہ برائیوں سے تائب ہمیشہ کے لئے ہو جائے اور نیکی کی طرف ہر وقت مائل رہے تو ایسے میں اسم مبارک یَاظَاھِرُ کا کثرت سے ورد اپنا معمول بنا لے۔ پھر نظارہ الٰہی خود ملاحظہ فرما لے۔

## طوفان بادوباراں سے نجات

اگر کسی جگہ طوفان بادوباراں کا خطرہ محسوس ہو رہا ہو اور اس سے نقصان عظیم کا خدشہ معلوم ہوتا ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَاظَاھِرُ کا بکثرت ورد کرنے سے اللہ تعالیٰ اس خطرہ سے محفوظ و مامون رکھیں گے۔

## آنکھوں کی روشنی

اگر کسی شخص کی یہ خواہش ہو کہ اس کی آنکھوں کی روشنی کم ہونے کے بجائے بہت زیادہ تیز ہو جائے اور اس ضمن میں اگر آنکھ میں کوئی نقص ہو تو وہ دور ہو جائے تو ایسی حالت میں بوقت اشراق نماز پڑھ کر پانچ سو مرتبہ اسم مبارک یَاظَاھِرُ ہر روز پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ بفضل ربی اس کی آنکھیں کئی گنا روشن ہو جائیں گی۔



## روحانی ترقی

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَاعَالِمُ کا کثرت سے ورد رکھے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے خزانہ علوم و اسرار خفیہ سے نوازیں گے اور مشاہدات غیبیہ کی بدولت وہ مقبول خاص و عام ہوگا۔

## آسمانی آفات سے نجات

جو شخص بعد از نماز مغرب اسم مبارک یَاعَدْلُ ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھا کرے گا وہ انشاء اللہ ہر قسم کی آسمانی آفات و بلیات سے محفوظ و مامون رہے گا۔

## مقدمہ میں کامیابی

اگر کسی شخص کو اپنے مقدمے میں متعلقہ جج یا آفیسر بالا سے انصاف کی توقع نہ ہو تو وہ دوران مقدمہ ہر روز اسم مبارک یَاعَدْلُ تین ہزار مرتبہ پڑھ کر اس جج یا حاکم و آفیسر کا تصور سامنے لا کر پھونک مارے۔ انشاء اللہ اس عمل کی مداومت سے وہ اس کے ساتھ ناانصافی نہیں کر سکے گا اور درست فیصلہ صادر فرما کر اس کا حق اسے دلائے گا۔

## صبر اور شکر کرنے کے لئے

جو شخص اسم مبارک یَاعَدْلُ کا کثرت سے ورد کرے گا وہ صاحب شکر اور صبر بن جائے گا اور ہر حال میں رضائے الٰہی پر شاکر رہے گا انصاف پسند اور ظلم و ستم کو برا جانے گا۔

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# نیک اوصاف

جو شخص اسم مبارک یَا عَدْلُ کا کثرت سے ورد کرے گا اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس کے ایمان کی نورانیت میں اضافہ ہوگا اور اس کی خامیوں اور کوتاہیوں کو اس سے دور فرمادیں گے۔

# تسخیر

جو شخص شب جمعہ کو اسم مبارک یَا عَدْلُ بیس عدد روٹی کے ٹکڑوں پر لکھ کر گھر والوں اور اہل محلہ کو کھلائے گا تو وہ سب اس کے مطیع رہیں گے۔

# آفات وبلیات سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَا عَزِیْزُ کا بکثرت ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے جملہ اشرار وخرافات عالم سے محفوظ ومامون رکھیں گے اور وہ دنیا جہاں کی تمام آفات وبلیات سے محفوظ رہے گا۔

# تسخیر حاکم

جو شخص کسی جائز مقصد کے لئے حاکم کی تسخیر چاہتا ہو تو وہ اس مقصد کے لئے اسم مبارک یَا عَزِیْزُ کا کثرت سے ورد جاری رکھے۔ انشاء اللہ وہ حاکم مسخر ہوگا۔

# عزت ومرتبہ

جو شخص اسم مبارک یَا عَزِیْزُ کا ورد کثرت سے کرے گا وہ صاحب عزت وآبرو



بن جائے گا وہ خود اپنی اور دوسروں کی عزت وآبرو کا نگہبان ہوگا۔

# عہدہ کی بحالی

جو شخص اپنے عہدہ یا منصب سے کسی وجہ سے ہٹا دیا گیا ہو یا معزول کر کے برطرف کر دیا گیا ہو اور وہ اپنے عہدہ پر بحالی چاہتا ہو تو ایسے میں وہ شخص ہر روز تازہ غسل کر کے پاک صاف لباس پہنے اور خوشبو لگا کر رات کو بعد از نماز عشاء دو رکعت نماز نفل بہ نیت مقصود ادا کرے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد گیارہ بار سورہ اخلاص پڑھ کر اسی جگہ کھڑے ہو کر اسم مبارک یَا عَزِیْزُ تین ہزار مرتبہ پڑھے اور پھر اپنے مقصود کے لئے اللہ رب العزت کے آگے دعا مانگے۔ تین دن کے عمل کے بعد نماز بیٹھ کر یَا عَزِیْزُ کا ورد پانچ ہزار مرتبہ کرے۔ پانچویں، چھٹے اور ساتویں روز سجدے میں جا کر ایک ایک سو ایک مرتبہ یَا عَزِیْزُ کا ورد کر کے اللہ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس اسم کی بدولت اسی منصب یا عہدہ پر بحالی ہوگا یا پھر اس سے بہتر منصب وعہدہ مل جائے گا اور کھوئی ہوئی عزت ووقار بحال ہو جائے گا۔

# حصول عبادت

جو شخص اسم مبارک یَا عَظِیْمُ کا بکثرت ورد کرے گا وہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ہمیشہ احکام شرعیہ کی تعظیم وتکریم کرے گا اور ذکر رسول ﷺ کی بے حد تکریم کرے گا۔

# درد شکم سے نجات

جو کوئی درد شکم میں مبتلا ہو تو ایسے میں باوضو حالت میں اسم مبارک یَا عَظِیْمُ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئے۔ انشاء اللہ اس عمل سے پیٹ کے درد سے ہمیشہ کے

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



لئے نجات مل جائے گی۔

## عزت و مرتبہ

جو شخص اسم مبارک یَا عَظِیْمُ کا ورد ایک ہزار گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے گا وہ شخص انتہائی اقبال مند اور قابل تعظیم بن جائے گا۔ کامیابی اس کے قدم چومے گی اور ناکامی اس سے کوسوں دور بھاگے گی ترقی اس کے قدم چومے گی۔

## مفلسی سے نجات

جو شخص تنگی معاش کی وجہ سے پریشان ہو اور مشکلات میں مبتلا ہو تو وہ اسم مبارک یَا عَفُوُّ کا ورد کثرت سے کیا کرے۔ انشاء اللہ اس اسم مبارک کے ورد سے روزی میں فراخی پیدا ہو جائے گی اور اس کی پریشانیاں بفضل تعالیٰ دور ہو جائیں گی۔

## مشکل کشائی

اگر کوئی شخص حالات کی سنگینی و شدت وسختی یا دشمنوں کے ظلم وایذا سے تنگ اور عاجز ہو تو ایسے شخص کے لئے لازم ہے کہ وہ اسم مبارک یَا عَفُوُّ کا بکثرت ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے اس کے حالات کی سنگینی اور شدت وسختی دور ہو جائے گی اور اسے دشمنوں کے ظلم وستم اور ایذا رسانیوں سے نجات مل جائے گی۔

## عفو و درگزر

جو شخص اسم مبارک یَا عَفُوُّ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے عفو و درگزر کی صفت سے ہمکنار فرمائیں گے اور وہ کسی بھی شخص سے بدلہ لینے کے بجائے



عفو و درگزر سے کام لے گا۔ لیکن دوسروں کے ظلم وستم اور ایذا رسانی سے محفوظ و مامون رہے گا۔

## غصے سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَا عَفُوُّ ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر کھانے کی چیز پر دم کر کے کھایا کرے۔ تو اس کا غصہ ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا اور وہ بدمزاجی کے بجائے نرم دل اور خوش مزاج بن جائے گا۔

## دشمن کے شر سے بچنے کے لئے

جو شخص اسم مبارک یَا عَفُوُّ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ وہ دشمنوں کی ایذا رسانی سے بفضل ایزدی محفوظ و مامون رہے گا۔

## آنکھوں کی سرخی دور کرنے کے لئے

اگر کسی شخص کی آنکھوں میں کسی تکلیف کی وجہ سے سرخی اور دکھن ہو اور باوجود یکہ علاج معالجہ تکلیف کسی بھی طرح نہ جاتی ہو تو وہ شخص سات سو مرتبہ اسم مبارک یَا عَلِیُّ پڑھ کر پانی پر دم کرے پھر اس پانی کو سلائی سے آنکھوں میں لگائے انشاء اللہ اس کے تین روز کے عمل سے آنکھوں کی سرخی، دکھن اور تکلیف رفع ہو جائے گی اور آنکھیں شفایاب ہوں گی۔

## خونی بواسیر سے نجات

جس شخص کو خونی بواسیر ہو اور وہ رفع نہ ہوتی ہو تو ایسے میں اسے اسم مبارک

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



یَاعَلِیُّ ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے دیں۔ وہ یہ پانی دن میں سات مرتبہ نوش کیا کرے۔ انشاء اللہ سات روز کے عمل کی بدولت خون آنا بند ہو جائے گا اور مسے ختم ہو کر بواسیر کی شکایت ہمیشہ کے لئے جاتی رہے گی۔ مزید بندش کے لئے یہ عمل اکیس روز تک کریں تو زیادہ بہتر ہے۔

## عزت و مرتبہ

جو شخص اسم مبارک یَاعَلِیُّ کا ورد کثرت سے کرے گا اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس کا مقام دنیا والوں کے نزدیک اس طرح بڑھا دے گا کہ وہ اگر ذلیل ہے تو ذلت کی پستیوں سے اسے نکالے گا اور عزت کی بلندیوں تک لے جائے گا۔ ادنیٰ ہو تو اعلیٰ بن جائے گا فقیر ہو تو مال دار بن جائے گا۔ غریب الوطنی کی صورت میں عزت و آبرو کے ساتھ وطن واپس آئے گا۔ اس اسم مبارک کی کثرت کی وجہ سے اس کے مراتب میں ترقی اس انداز میں ہوگی کہ دنیا کے ساتھ ساتھ وہ خود بھی حیران رہ جائے گا۔

## روحانی ترقی

جو شخص اسم مبارک یَاعَلِیُّ کا کثرت سے ورد رکھے گا اللہ تعالیٰ اسے اپنے فضل و کرم سے اسرار مخفیہ جیسے علوم سے بہرہ مند فرمائے گا اور وہ وقتاً فوقتاً غیبی امور کا مشاہدہ بھی کرے گا اور وہ ان کی بدولت مقبول خلائق بن جائے گا۔

## قوت حافظہ

جو شخص چالیس روز تک نہار منہ اپنے بچے کو اکیس مرتبہ اسم مبارک یَاعَلِیْمُ پڑھ کر روزانہ پانی پر دم کر کے پلائے گا وہ بچہ صاحب علم ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے



اس کا ذہن کشادہ اور حافظہ روشن ہو جائے گا۔

## مقدمہ کا تصفیہ

اگر کوئی شخص کسی مقدمے میں پھنسا ہوا ہو اور وہ راضی نامہ کر کے تصفیہ کرنا چاہتا ہو تو ایسے میں وہ شخص بعد از نماز ظہر تین ہزار مرتبہ اسم مبارک یَاغَفَّارُ کا ورد کرے۔ انشاء اللہ اس کا مقصد اس وقت پورا ہو گا اور فریق ثانی خود بہ خود اس سے راضی نامہ اور تصفیہ کے لئے تیار ہو جائے گا۔

## حاجت روائی

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَاغَفَّارُ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے ایسا مرتبہ عطا کریں گے اور اس کی ہر مراد پوری ہوگی اور جو کچھ بھی اللہ سے دعا مانگے گا اسے ملے گا۔

## حصول اولاد

اگر کسی شخص کے ہاں اولاد نہ ہو اور وہ بے اولادی کے باعث سخت غمگین رہتا ہو تو وہ اسم مبارک یَاغَفَّارُ کا کثرت سے ورد کرے۔ انشاء اللہ اس اسم مبارک کی برکت سے اللہ تعالیٰ اسے اولاد صالح سے سرفراز فرمائیں گے۔

## کاروبار میں برکت

جو شخص اپنے اموال اور مال و منال میں اضافہ چاہتا ہو تو وہ اسم مبارک یَاغَفَّارُ کا ورد ہر وقت باوضو حالت میں کیا کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس کے مال و منال میں بے حد کثرت ہو جائے گی۔

## گناہوں کی مغفرت

جو شخص ہر جمعہ کی نماز کے بعد یَا غَفَّارُ اِغْفِرْلِی ذُنُوبِیْ کا یک سو دفعہ پڑھے اور اس عمل پر باقاعدہ اختیار کرے تو حق تعالیٰ اپنی رحمت سے اس کا نام بخشے ہوئے لوگوں کی فہرست میں درج فرما دے گا۔

## حصول اولاد

جس شخص کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ رفتہ رفتہ بڑھاپے کی منزل کی طرف بڑھ رہا ہو اور اس بات پر مبتلا رنج و غم رہے کہ اس کے بعد اس کا کوئی وارث حقیقی نہیں ہوگا تو ایسے میں اس کے لئے لازم ہے کہ وہ ناامیدی کے دامن کو جھٹک کر اسم مبارک یَا غَفُوْرُ کی کثرت سے مداومت اٹھتے بیٹھتے باوضو حالت میں کرتا رہے اور ہر نماز کے بعد اللہ کے حضور گڑگڑا کر سجدے میں سر رکھ کر دعا مانگا کرے۔ اس اسم کی برکت سے بہت جلد اس کے من کی مراد بفضل تعالیٰ پوری ہوگی اور اس کے ہاں نیک اور صالح فرزند پیدا ہوگا۔

## نیک اوصاف

جو شخص اسم مبارک یَا غَفُوْرُ کا کثرت سے ورد رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کے قلب میں ایسی وسعت عطا کرے گا وہ کسی گناہ، غلطی یا قصور کے باوصف کسی بھی مسلمان کو حقارت کی نگاہ سے نہ دیکھے گا اور ہر گناہ کو قابل معافی تصور کرے گا۔



## رنج و غم سے نجات

جو شخص اسم مبارک یا غفور روٹی کے ٹکڑے پر باوضو حالت میں تین بار لکھ کر کھائے گا لکھنے کا طریق یہ ہوگا کہ اس کے حروف غفور کر کے لکھے۔ پھر اس روٹی کو کھالے تو غمگینی دل سے بفضل تعالیٰ نجات پائے گا۔

## بخار اور سر درد سے نجات

اگر کسی شخص کو بخار ہو اور ساتھ ہی سر درد بھی تو ایسے میں کسی کاغذ پر باوضو حالت میں یَا غَفُوْرُ تین مرتبہ لکھ کر اس کی گیلی سیاہی پر روٹی کا ٹکڑا لگا کر وہ نقش روٹی میں جذب کرے اور روٹی کے اس ٹکڑے کو کھالے۔ انشاء اللہ تین یوم کے عمل سے بخار جاتا رہے گا اور سر درد بھی کافور ہو جائے گا۔

## مفلسی سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَا غَنِیُّ کا بکثرت ورد رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے دنیا کی تمام مخلوقات سے بے نیاز کر دیں گے۔ وہ ماسوائے اللہ دنیا جہاں کی ہر شے سے بے نیاز ہو کر صرف ذات باری تعالیٰ سے ہی تعلق رکھے گا۔

## کاروبار کی بحالی

اگر کسی کا کاروبار کسی بھی وجہ سے مندے کا شکار ہو گیا ہو یا بالکل بند ہو گیا ہو تو ایسے میں اس پر لازم ہے کہ وہ دکان کا قفل کھولنے سے پہلے اسم مبارک یَا غَنِیُّ ستر ہزار مرتبہ پڑھے اور پھر قفل کھولے۔ اللہ کے فضل و کرم سے اس کا کاروبار پھر رواں دواں ہو جائے گا۔

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# دولت میں اضافہ

جو شخص جمعرات کے دن یا شب جمعہ میں اسم مبارک یَا غَنِیُّ انیس ہزار مرتبہ پڑھے اور اس عمل کو ہمیشہ کا معمول بنالے اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے غیب سے تونگری اور دولت مندی عطا کریں گے اور اسے یہ تونگری اور دولت مندی تاحیات حاصل رہے گی اور وہ دنیا والوں کی محتاجی سے آزاد اور بے نیاز ہوگا۔

# لالچ سے نجات

جو شخص حد سے زیادہ لالچ، حرص، طمع اور نفسانی خواہشات بے جا میں مبتلا ہو گیا اور اس بلا سے نجات چاہتا ہو تو وہ صبح کی نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر سو مرتبہ اسم مبارک یَا غَنِیُّ پڑھے۔ پھر دل پر ہاتھ رکھ کر سو مرتبہ یہی اسم مبارک پڑھے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس کے دل سے لالچ، طمع، حرص اور دیگر نفسانی خواہشات بے جا ختم ہو جائیں گی اور وہ طمع انسانی سے بالکل آزاد ہو جائے گا۔ اس عمل کو کم از کم گیارہ دن تک جاری رکھے۔

# امتحان میں کامیابی

امتحان میں کامیابی کے لئے جو طالب علم اسم مبارک یَا فَتَّاحُ کو چار سو ننانوے مرتبہ روزانہ پڑھا کرے گا وہ طالب علم ہر امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل کرے گا۔

# ناحق مقدمہ سے آزادی

اگر کوئی شخص کسی ناحق مقدمہ میں پھنس گیا ہو تو اس سے چھٹکارے کے لئے اسم مبارک یَا فَتَّاحُ اکیس ہزار مرتبہ سات دن تک مسلسل پڑھے انشاء اللہ اس مقدمے



سے اس کی بریت ہو جائے گی۔

# فصیح الزبان

اگر کوئی مبلغ یا مقرر اسم مبارک یَا فَتَّاحُ کا ورد چار سو ننانوے مرتبہ روزانہ بعد نماز فجر کرے گا۔ اور اپنے اوپر دم کرے گا اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے وہ فصیح الزبان ہو جائے گا اور اس کی زبان سے جو کچھ بھی نکلے گا لوگوں کے دل ودماغ اس سے بے حد متاثر ہوں گے اور کامیابی کے دروازے اس پر کھلتے جائیں گے۔

# مشکل کشائی

جو شخص اسم مبارک یَا فَتَّاحُ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ہر مشکل آسان کرے گا۔ اور اس کے ہر کام میں آسانی ہوگی اور رکاوٹیں دور ہو جائیں گے۔

# روحانی ترقی

جو شخص اس بات کا آرزو مند ہو کہ اس کا باطن مصفا ہو جائے اور دل کی گندگی صاف ہو جائے اور نور باطن سے اس کا دل منور ہو جائے تو ایسے میں وہ شخص کثرت سے اسم مبارک یَا فَتَّاحُ کا ورد کرے۔ انشاء اللہ اس کی برکت سے پاک باطن، پاک دل ہو جائے گا اور ساتھ ہی غیبی مشاہدات بھی شروع ہو جائیں گے۔

# حاجت روائی

جو شخص اسمائے مبارکہ یَا فَتَّاحُ یَا وَهَّابُ یَا رَزَّاقُ یَا مُعِزُّ یَا رَافِعُ یَا سَلَامُ مع

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ ان اسمائے مبارک کو سو سو مرتبہ پڑھ لیا جائے اس عمل کی مداومت سے اپنے جملہ دینی و دنیاوی مقاصد میں کامیاب و کامران رہے گا۔

## بھوک کی کمی سے نجات

جو شخص چالیس روز تک روٹی کے چار ٹکڑے لے کر ان پر یا قابض لکھ کر کھائے گا وہ بھوک کی اذیت سے محفوظ رہے گا۔

## دشمن پر فتح یابی

جو شخص اسم مبارک یا قابض کو کثرت سے پڑھے گا اس کے تمام دشمن مغلوب ہوں گے اور ان پر اس کی ہیبت رعب و دبدبہ طاری ہو جائے گا اور وہ اس کو کوئی نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

## جادو اور جنات سے نجات

جو شخص بعد از نماز فجر اور مغرب اکیس اکیس مرتبہ اسم مبارک یا قابض پڑھے گا وہ ہر قسم کے جادو۔ بددعا اور جن بھوت پریت سے محفوظ و مامون ہو جائے گا اور کسی بھی شے کا اس پر اثر نہ ہوگا۔

## دشمن پر فتح یابی

جو شخص اسم مبارک یا قابض کا کثرت سے ورد کرے گا وہ اپنے دشمنوں پر بفضل تعالیٰ فتح و نصرت حاصل کرے گا اور اس کے دشمن منہ کی کھائیں گے اور اپنے مفسد ارادوں میں ناکام رہیں گے۔



## گناہوں سے مغفرت

جو شخص اسم مبارک یا قابض کا کثرت سے ورد کرے گا وہ ہر طرح کے گناہوں سے بچ جائے گا اور اس کے اندر گناہ کرنے کی قوت ہی باقی نہ بچے گی۔

## شیطانی وسوسوں سے نجات

جو اسم مبارک یا قادر کا بکثرت ورد کرتا رہے گا اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہمیشہ اپنے نفس اور شیطان پر حاوی رہے گا۔ وہ اپنے نفس پر اس حد تک غالب آ جائے گا کہ اسے کبھی بھی بڑی سے بڑی اور شدید سے تر غلطی اور قصور پر بھی غصہ نہیں آئے گا اور انتہائی اشتعال کے عالم میں بھی وہ اپنے آپ پر مکمل کنٹرول رکھے گا۔

## دشمن کے شر سے نجات

جو شخص وضو کرتے وقت اسم مبارک یا قادر کو پڑھے گا وہ انشاءاللہ دشمن کے شر سے امن و امان میں رہے گا اور وہ کبھی اپنے دشمن سے مغلوب نہیں ہوگا۔

## مشکل کشائی

اگر کوئی شخص ابتلا و مشکل و آزمائش سے گزر رہا ہو کہ اپنے بیگانے دوست احباب غرض یہ کہ ہر ایک اس سے منہ پھیر گیا ہو اور دنیا میں کوئی بھی اس کا ساتھ دینے والا نہ ہو تو وہ اسم مبارک یا قادر کا ورد باوضو حالت میں اٹھتے بیٹھتے کیا کرے۔ اس اسم مبارک کے ورد کی بدولت اپنے بیگانے وہ دوست احباب جو اس سے منہ موڑ چکے ہوں گے اس کی طرف شرمندگی کے ساتھ رجوع کریں گے۔ جب کہ وہ اپنی ابتلاء و

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



آزمائش سے سرخروئی کے ساتھ نکل جائے گا۔

## مشکل کشائی

جو شخص اہم امور کے نپٹانے میں دقت محسوس کرتا ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَا قَادِرُ کا کثرت سے دور کرنے سے اللہ تعالیٰ کے تمام اہم امور کے نپٹانے میں سہولیات پیدا کریں گے اور اس آسانی کے لئے غیب سے سامان مہیا کریں گے۔

## جسمانی کمزوری

اگر کوئی شخص بیماری کی وجہ سے بے حد کمزور ہو گیا ہو۔ تو اس کے لئے اسم مبارک یَا قَادِرُ ہر روز سو مرتبہ پڑھ کر اسے دم کریں اور پانی پلائیں۔ تا شفاء کاملہ یہ عمل جاری رکھیں۔

## بدعادات سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَا قُلُّوسُ کا بکثرت ورد کرے گا اس اسم مبارک کی برکت سے وہ زنا، چوری، شراب خوری وغیرہ جملہ دنیاوی عیبوں سے پاک باطن رہے گا اور وہ فرشتہ خصلت بن جائے گا۔

## مفلسی سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَا قُلُّوسُ کا کثرت سے ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے دنیا والوں کی محتاجگی سے نجات عطا فرما دیں گے اور غیب سے اسے رزق اسی طور پہنچایا جائے گا کہ اسے کسی کے سامنے سوال دراز کرنے کی ضرورت ہی پیش نہ آئے گی۔



## حسد سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَا قُلُّوسُ کو زوال کے وقت ہر روز سو مرتبہ پڑھے گا۔ وہ شخص ہر قسم کے کینہ، بغض، حسد اور عداوت سے پاک ہو جائے گا اور تھوڑے ہی عرصہ میں صاحب نور القلب بن جائے گا۔

## نیک اولاد

جو شخص اپنی حاملہ بیوی کو ہر روز اکتالیس مرتبہ اسم مبارک یَا قُلُّوسُ پڑھ کر پانی دم کر کے پلائے گا اور یہ عمل تا وضع حمل تک جاری رکھے گا تو اسے اللہ تعالیٰ نیک اور صالح فرزند عطا فرما دیں گے اور وہ بچہ انتہائی فرمانبردار ہو گا۔

## مشکل کشائی

اگر کوئی شخص کسی کٹھن مشکل میں گرفتار ہو گیا ہو اور رہائی کی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَا قَدِیْرُ کا کثرت سے ورد شروع کر دے۔ انشاء اللہ اس اسم کی برکت سے بڑے سے بڑے، کڑے سے کڑے، کٹھن سے کٹھن اور مشکل سے مشکل کاموں میں مشکل کشائی ہو گی اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کی تمام مشکلات اس پر آسان فرما دیں گے اور غیب سے سامان امداد بہم پہنچائیں گے۔

## تسخیر الخلائق

جب کسی کے دوست، احباب اور دیگر عزیز و اقارب کسی بھی وجہ سے اس سے منہ پھیر جائیں تو ایسی حالت میں وہ اسم مبارک یَا قَدِیْرُ کا کثرت سے ورد کرے۔

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس عمل کی بدولت مخلوق اللہ کی بے رخی ختم ہو جائے گی اس کی کشائش زندگی میں کامیابی کو دیکھ کر پھر اس کی طرف رجوع کریں گے۔

## نسیان سے نجات

اگر کوئی شخص نسیان کا شکار ہو اور اکثر کاموں میں سہو، غفلت یا بھول چوک کی وجہ سے پریشان رہتا ہو تو وہ بروز جمعہ طلوع آفتاب کے ایک گھنٹہ بعد اسم مبارک تین ہزار مرتبہ یَا قَوِیُّ پڑھے تو اس کے مزاج سے نسیان، سہو، غفلت اور بھول چوک کی کیفیت دور ہو جائے گی۔ یہ عمل کم از کم سات جمعہ تک کرنا لازمی ہے۔

## رتوندھی سے نجات

جو شخص کوروذکوری یا رتوندہ کی بیماری کی وجہ سے اشیاء کو دن میں دیکھنے سے قاصر ہو تو وہ شخص ہر فرض نماز کے بعد اسم مبارک یَا قَوِیُّ ایک سو ایک بار پڑھ کر انگلیوں پر پھونک مار کر آنکھوں پر پھیرا کرے۔ انشاء اللہ اسے بہت جلد واضح اور روشن ہر شے نظر آنا شروع ہو جائے گی اور بیماری فضل تعالیٰ ختم ہو جائے گی۔

## تکالیف حمل سے نجات

اگر حاملہ کو کمزوری کی وجہ سے بہت زیادہ تکلیف ہو اور حمل کی برداشت اس کی قوت سے باہر ہو تو اس کے لئے باوضو حالت میں وہ اسم مبارک یَا قَوِیُّ کا ورد ایک سو اکیس مرتبہ کرے۔ اس سے بفضل تعالیٰ کے ایام حمل آسانی سے گزریں گے اور اس کی قوت و طاقت قائم رہے گی۔



## قوت حافظہ

اگر کسی شخص کا دماغ کمزور ہو گیا ہو تو وہ پانچوں فرض نمازوں کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر اسم مبارک یَا قَوِیُّ گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھا کرے۔ چالیس روز کے بعد عمل کی بدولت دماغ کی کمزوری بفضل تعالیٰ رفع ہو کر قوت حافظہ تیز تر ہو جائے گی۔

## قوت حافظہ

جس شخص کا دماغ کسی بیماری کی وجہ سے کمزور ہو گیا ہو تو ایسے میں ہر نماز کے بعد اسم مبارک یَا قَوِیُّ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے سے دماغ کی کمزوری دور ہو جاتی ہے۔

## بھوک کی کمی سے نجات

اگر کسی کو بھوک کم لگتی ہو اور باوجودیکہ ادویات کے استعمال کے بھوک کی کمی کا علاج نہ ہوتا ہو اور اس سے جسمانی کمزوری بڑھ رہی ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَا قَوِیُّ تین سو مرتبہ پڑھ کر کھانے پر دم کر کے کھائے۔ انشاء اللہ بھوک میں اضافہ ہو جائے گا۔

## دشمن پر فتح یابی

جس شخص کے دشمن بے حد طاقتور ہوں وہ ان کا مقابلہ کرنے کی سکت نہ رکھتا ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَا قَوِیُّ کا ورد کثرے سے کرنا چاہئے۔ اس کا اثر فوری ظاہر ہوگا اور طاقتور ترین دشمن بھی زیر ہوں گے اور اسے کوئی نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

Oureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## شہوت میں کمی سے نجات

جو شخص وظیفہ زوجیت کسی بھی وجہ سے ادا نہ کر سکے اور شرمندگی اٹھاتا ہو تو وہ اسمائے مبارکہ یَاقَوِیُّ یَامُعِیْنُ صبح وشام باوضو حالت میں ایک ہزار بار اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے انشاء اللہ سات یوم کے عمل سے اس کی نامردی کی شکایت دور ہو جائے گی اور وظیفہ زوجیت میں اعلیٰ قدرت حاصل کر لے گا اور شرمساری سے بفضل ایزدی بچ جائے گا۔

## سوکھا پن سے نجات

اگر دودھ پیتا بچہ ام الصبیان یا کسی اور وجہ سے سوکھ کر کانٹا ہو جائے تو اس میں آدھا کلو سرسوں کا تیل لے کر باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ یَاقَھَّارُ پڑھ کر اس تیل پر دم کریں اور وہ تیل صبح وشام اکیس روز تک اس کے جسم پر مالش کریں انشاء اللہ بچے کی لاغری جلد دور ہو کر بچہ تندرست ہو جائے گا۔

## دشمن پر فتح یابی

جو شخص فجر کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اسم مبارک یَاقَھَّارُ ایک سو مرتبہ گیارہ دن تک پڑھے گا اس کو اپنے مدمقابل پر غلبہ حاصل ہوگا اور اس کا مدمقابل نیچا دیکھے گا۔

## دشمن پر فتح یابی

جو شخص اسم مبارک یَاقَھَّارُ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ تو بفضل تعالیٰ اس کے تمام دشمن زیر ہو جائیں گے اور اس شخص کے خلاف بنائے گئے ان کے تمام ارادے



اور منصوبے ختم ہو جائیں گے۔

## گناہوں کی مغفرت

جو شخص اسم مبارک یَاقَھَّارُ کا ورد بکثرت کرے گا اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا اور دنیا سے باایمان رخصت ہوگا اس معاملے میں یہ اسم اعظم کی تاثیر والا اسم ہے۔

## حاجت روائی

جس کسی کا کوئی جائز کام رکا ہوا ہو اور ہو نہ رہا ہو اس کے لئے لازم ہے کہ وہ اسم مبارک یَاقَیُّوْمُ کا کثرت سے ورد کرے۔ اس اسم کے ورد کی بدولت اس کی جائز مراد بفضل تعالیٰ پوری ہوگی اور اس کی جائز خواہش تشنہ تکمیل نہ رہے گی۔ اس اسم کا ذکر ناجائز کاموں میں کرنے والا کوڑھ اور جذام میں مبتلا ہوگا۔

## درازی عمر

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَاقَیُّوْمُ کا بکثرت ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس اسم مبارک کی برکت سے اس کی عمر میں اپنے فضل وکرم سے اضافہ فرما دیں گے اور وہ اپنے تمام عزیز واقارب میں سب سے زیادہ لمبی عمر پائے گا۔

## تسخیر

جو شخص اسم مبارک یَاقَیُّوْمُ کا ورد صبح صادق سے طلوع آفتاب تک بغیر شمار یا گنتی کے پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے دلوں کی تسخیر کی قوت عطا فرما دیں گے۔

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## کاروبار میں برکت

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَاقَیُّوْمُ کا حد سے زیادہ ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کے مال و اموال، کاروبار اور تجارت میں ترقی اور برکت عطا فرمائے گا۔

## حصول مقاصد

جو شخص اسم مبارک یَاقَیُّوْمُ کا کثرت سے ورد کرے گا تو وہ بفضل تعالیٰ اپنے ہر مقصد میں کامیابی پائے گا اور اس کی کوئی خواہش ادھوری نہ رہے گی مگر اس عمل کو ناجائز کاموں کے لئے نہ کرے ورنہ جذام کے مرض میں مبتلا ہو کر دنیا سے رخصت ہوگا۔

## ناجائز مقدمے سے بریت

جو شخص اپنے حاسدین اور دشمنوں کی وجہ سے کسی ناجائز مقدمے میں پھنس گیا ہو اور اس سے بریت چاہتا ہو تو ایسے میں وہ شخص اسم مبارک یَاقَیُّوْمُ کا ورد کثرت سے اٹھتا بیٹھتا حالت وضو میں کرتا رہے۔ چند یوم میں ہی اسے مقدمے سے بریت حاصل ہو جائے گی۔

## زندہ دلی

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَاقَیُّوْمُ تین سو مرتبہ روزانہ پڑھے گا۔ انشاءاللہ وہ اس عمل سے تازندگی خوش و خرم رہے گا اور کبھی بھی رنجیدہ یا غمگین نہ ہوگا۔



## بیماری سے نجات

جو شخص بیمار ہو اور کسی بھی دوا سے صحت یاب نہ ہو رہا ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَاخَبِیْرُ کو روزانہ نوے مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں انشاءاللہ چند یوم کی مداومت سے وہ مریض بیماری سے شفاء پا کر تندرست و توانا ہو جائے گا۔

## عہدہ کی برقراری

اگر کوئی بڑا آفیسر یا حاکم اپنے منصب پر برقراری چاہتا ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَاخَبِیْرُ کو پانچ ہزار مرتبہ پڑھنا اپنا معمول بنا لے انشاءاللہ اس کی برکت سے وہ اپنے عہدہ منصب پر عزت و آبرو کے ساتھ برقرار رہے گا اور اسے جو بھی مہم پیش آئے گی بغیر کسی تکلیف اور پریشانی سے اس سے نکل جائے گا اور اس سے سلامتی کے ساتھ عہدہ برا ہوگا اور لوگوں کی نظروں میں اس کا وقار دن بدن بڑھے گا۔

## نیک اوصاف کے

امور دنیا میں باقاعدگی کے اوصاف سے بہرہ ور فرمائے گا اور اسے عوام و خواص کی نظر میں عزت و حرمت نصیب فرمائے گا اور ہر سرکش اس کے سامنے ذلیل و خوار ہوگا۔

## عزت و مرتبہ

جو کوئی شخص اسم مبارک یَاخَبِیْرُ کا کثرت سے ورد کرے گا۔ تو اللہ تعالیٰ عوام و خاص میں اسے حرمت و عزت، شائستگی اور امور زندگی میں باقاعدگی کے ایسے اوصاف بہرہ ور کریں گے۔ لوگوں کے دلوں میں تعظیم و تکریم پیدا ہوگی اور ہر سرکش اس کے

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سامنے آتے ہی تسلیم سرخم ہوگا۔

## دینی و دنیاوی کمالات

جو شخص اسم مبارک یَا کَبِیۡرُ کا کثرت سے ذکر کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے دینی و دنیاوی کمالات حاصل کرنے والا بنائے گا۔ وہ عزت وآبرو اور مقام و مرتبہ پر فائز ہوگا وہ ہنر، لیاقت اور قابلیت کی قدر کرنے والا اور بے ہنری کو سخت برا جاننے والا ہوگا۔

## قبولیت دعا

اگر کوئی شخص اسمائے مبارکہ یَا کَبِیۡرُ یَا مُتَعَالِی کو سات سو ستر مرتبہ پڑھنے کے بعد جو بھی دعا مانگے گا انشاء اللہ بارگاہ الٰہی میں قبول ہوگی۔

## عزت و مرتبہ

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَا کَرِیۡمُ کا ورد بکثرت کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس اسم کی بدولت اپنی برکت اور اپنے فضل وکرم کے ساتھ ایسا لطف وکرم فرمائیں گے کہ وہ دنیا والوں کی نظر میں تاحیات مکرم ومحترم رہے گا۔

## نیک اوصاف

جو شخص اسم مبارک یَا کَرِیۡمُ کا ورد کثرت سے کرے گا اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے بزرگ صفت، نیک اخلاق، نرم مزاج، کریم النفس، سادگی پسند، خوش اطوار، سخی، فیاض اور مخلوق الٰہی پر احسان کرنے والا بنائے گا اور لوگوں کی نظروں میں اس کا وقار، مرتبہ اور قدر ومنزلت بڑھائے گا۔



## مفلسی سے نجات

جو شخص بیمار اور مفلس ہو تو ایسے میں اسے کوئی راہ سجھائی نہ دیتی ہو اور مایوسی و پریشانی دن بدن بڑھ رہی ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَا لَطِیۡفُ تین سو بار باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر صبح کو اشراق کی نماز کے بعد پڑھ کر اپنے لئے اللہ کے حضور دعا مانگا کرے۔ انشاء اللہ اکیس روز کی مداومت سے مقصود حاصل ہوگا۔ اس عمل کو مزید پختگی کے لئے چالیس یوم تک جاری رکھیں۔

## بیماری سے نجات

بیماری کے رفع کرنے کے لئے تین سو مرتبہ اسم مبارک یَا لَطِیۡفُ کا باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ورد کر کے اپنے اوپر دم کرنے اور اس کا پانی دم کر کے پینے سے انشاء اللہ گیارہ دن کے اندر اندر بیماری جڑ سے غائب ہو جائے گی۔ مکمل اور دائمی شفاء کے لئے اس عمل کو روزانہ اکیس یوم تک بلاناغہ جاری رکھیں۔

## شادی کی رکاوٹ

جو شخص اپنے کنوارے بیٹے یا بیٹی کا رشتہ نہ ملنے کی وجہ سے حیران و پریشان ہو تو ایسے میں وہ شخص باوضو دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اس نیت سے ایک سو مرتبہ اسم مبارک یَا لَطِیۡفُ پڑھ کر دعا مانگے۔ انشاء اللہ چند دن کے عمل سے بہت جلد مراد بر آئے گی۔

## مستجاب الدعوات

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَا لَطِیۡفُ کا ورد کثرت سے کرے گا تو وہ بفضل باری

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



تعالیٰ اللہ کے حق میں مظہر لطف وشفقت بن جائے گا اور بغیر کسی امتیاز کے ہر ایک کے ساتھ مہربانی، لطف وعنایت سے پیش آیا کرے گا۔

## حاجت روائی

جو شخص اسم مبارک یَالَطِیْفُ ایک سو انیس مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھنا اپنا معمول بنالے گا تو دین و دنیا کی تمام حاجات اللہ رب العزت خود پورا فرمائیں گے اور اللہ کے فضل وکرم سے دنیا وآخرت دونوں جہانوں میں کامیاب اور کامران ہوگا۔

## نیک اوصاف

جو شخص اسم مبارک یَالَطِیْفُ کا ورد کثرت سے کرے گا اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اسے سادگی پسند، نیک خصلت اور با اخلاق بنائے گا۔

## رزق میں برکت

جو شخص روزانہ بعد از ہر نماز سو مرتبہ اسم مبارک یَالَطِیْفُ پڑھے گا اور اس کے بعد یہ آیت مبارک "اَللّٰهُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ" پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے گا اس کے رزق میں برکت اور فراوانی ہوگی۔

## دولت میں اضافہ

اگر کوئی شخص اسم مَاجِدُ کا ورد کثرت سے کرے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے کثیر مال و دولت اور طیب و طاہر رزق اس قدر فراخی سے عطا فرمادیں گے کہ انتہائی فیاضی، دریادلی اور فراخ دستی کے ساتھ خرچ کرنے سے بھی کبھی ختم نہ ہوگا۔



## تسخیر الخلائق

جو شخص اسم مبارک یَامَاجِدُ کا بکثرت ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے مخلوقات میں عزت و بزرگی عطا فرمادیں گے اور ہر ایک اس سے عزت و احترام سے پیش آئے گا۔

## عزت و مرتبہ

جو شخص اسم مبارک یَامَاجِدُ بعد از نماز عشاء روزانہ تین ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے مخلوق میں عزت و وقار عطا فرمائیں گے۔

## تسخیر الخلائق

جو شخص اسم مبارک یَامَالِکُ کا کثرت سے ورد رکھے گا وہ اس اسم کی برکت سے بفضل تعالیٰ دنیا جہان سے بے نیاز ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ اسے وہ شان عطا فرمادیں گے کہ دنیا خود بخود اس کی طرف راغب ہوگی۔

## مفلسی سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَامَالِکُ کا ورد کثرت سے کرے گا۔ وہ بفضل تعالیٰ غیروں کی محتاجی سے نجات پائے گا اور اس کی تمام حاجات خزانہ غیبی سے پوری ہوں گی۔

Oureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## خونی و بادی بواسیر سے نجات

بادی و خونی بواسیر کے لئے ایسے مرض کو روزانہ سات سو مرتبہ اسم مبارک یَامَالِکُ کا ورد اکتالیس روز تک کرنا چاہئے۔ اس عمل کی برکت سے بفضل تعالیٰ مکمل شفا نصیب ہوگی اور ہر قسم کے مسے ختم ہو جائیں گے۔

## جائیداد کی بازیابی

اگر کوئی شخص مقدمے میں اپنی جائیداد ہار گیا ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اپیل میں اس کے حق میں فیصلہ ہو جائے تو ایسے میں ذیل کی ترکیب سے اسم مبارک یَامَالِکُ کا ختم شریف پڑھے۔

اس کے مطابق ہر روز غسل کرے۔ احرام باندھے۔ چوبیس گھنٹے میں صرف جو کی ایک روٹی کھائے جو تقریباً ڈیڑھ سو گرام وزن کی ہو اور رات دن میں اکتالیس ہزار بار اس اسم مبارک کو اس طریقے سے پڑھے کہ پہلے سو مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھے اور آخر میں بھی ایک سو مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھے سات دن تک مسلسل یہ عمل جاری رکھے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت ہاری ہوئی جائیداد واپس مل جائے گی۔ یاد رہے کہ عمل السریع الرفتار اور جلالی ہے عمل کے دوران ہر قسم کا پرہیز کرنا لازمی ہے۔ ورنہ نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔

## عزت و مرتبہ

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَامَالِکُ الْمُلْکِ کو سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے گا اور ہمیشگی اختیار کرے گا۔ بفضل تعالیٰ صاحب عزت و آبرو صاحب مال و دولت



ہوگا۔ دنیا میں کوئی شخص اس کی عزت پر حملہ آور نہیں ہو سکے گا۔

## دشمن کے شر سے بچنے کے لئے

جو کوئی اپنے دشمن کے ہاتھوں پریشان ہو اور اس سے چھٹکارے کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَامَالِکُ الْمُلْکِ کا ایک ہزار مرتبہ ورد کرے۔ تین دن بلا ناغہ اس ورد سے دشمن مقہور اور ذلیل و خوار ہوگا۔

## مقدمے میں کامیابی

جو شخص کسی ناجائز مقدمے کی وجہ سے حد سے زیادہ پریشان اور بے چین ہو اور اس کو انصاف ملنے کی توقع نہ ہو تو ایسے میں اسم مبارک یَامَالِکُ الْمُلْکِ کا ورد ایک ہزار مرتبہ صبح و شام کرے انشاء اللہ تین دن بلا ناغہ اس عمل سے مقدمے پر فتح یاب ہو جائے گا اور ساری پریشانی رفع ہو جائے گی۔

## عہدہ کی برقراری

جو شخص اسم مبارک یَامَالِکُ یَاقُدُّوْسُ کا ورد ایک ہزار مرتبہ ہر روز بعد از نماز عشاء کسی اندھیری جگہ پر پڑھے گا تو اگر وہ صاحب ملک ہے تو اس کا ملک قائم رہے گا۔ صاحب ریاست ہے تو ریاست باقی رہے گی۔ صاحب جائیداد ہے تو اس کی جائیداد اور زمین باقی رہے گی اگر عہدے دار ہے تو عہدہ قائم رہے گا اور مزید عزت پائے گا اور حکام بالا اسے عزت و آبرو کی نگاہ سے دیکھیں گے۔ اس کا کوئی بھی دشمن اگر چغلی کھائے گا تو ذلیل و خوار ہوگا یا موت سے ہمکنار ہوگا اس اسم مبارک کا روزانہ ورد عزت و آبرو کا باعث ہے۔

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# امراض خبیثہ سے نجات

جو شخص ہر روز بعد از نماز فجر اور مغرب اسم مبارک گیارہ مرتبہ یَامَالِکُ یَاقُدُّوْس وغیرہ کا ورد رکھے گا اللہ تعالیٰ اسے ہر قسم کے امراض خبیثہ سے اپنی حفظ و امان میں رکھیں گے اور ایسی عورت کا حیا و شرم برقرار رکھیں گے۔

# ہر خوف سے نجات

اگر کوئی شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کا ہر کام بخیر و خوبی انجام پائے تو ایسا شخص اسم مبارک یَامَانِعُ کا کثرت سے ورد کرے۔ اس اسم کے ورد کی برکت سے اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم اور لطف کے ساتھ ہر خوف، ہر پریشانی اور ہر فکر سے آزاد فرما دیں گے۔ ایسا شخص نہ تو کسی کو ضرر پہنچائے گا اور نہ ضرر پہنچانے کا سبب بنے گا۔

# ٹڈیوں سے نجات

اگر کسی علاقے پر ٹڈیوں نے یلغار کردی ہو تو ایسی صورت میں چار کوری ٹھیکریاں لے کر ان پر اسم مبارک یَامَانِعُ سات سات مرتبہ لکھ کر ان ٹھیکریوں کو کھیت یا باغ کے چاروں کونوں میں دفن کردیں انشاء اللہ اس عمل سے وہ کھیت یا باغ ٹڈیوں کے ہاتھوں فنا ہوجانے سے بچ جائے گا۔

# بدعادات سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَامَانِعُ کا ورد کثرت سے کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے اپنی خاص پناہ میں رکھے اور اس کے تمام اعضائے جسمانی ہر قسم کے گناہوں اور برائیوں سے



بچے رہیں گے۔ اس کی طہارت اور پاکیزگی بہت زیادہ اور اس کی عصمت نہایت پکی اور پکی ہوگی خصوصاً ایسی عورت باعفت ہوگی۔

# نظر بد

اگر کسی بچے کو بدنظر ہوگئی ہو یا بار بار لگ جاتی ہو اور تکلیف کا باعث بنتی ہو تو ایسے میں کسی تانبے کے پترے پر سات مرتبہ اسم مبارک یَامَانِعُ کندہ کروا کر اسے بطور نقش بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ بچہ ہمیشہ کے لئے نظر بد سے محفوظ و مامون ہوجائے گا اور کبھی بھی یہ شکایت پیدا نہ ہوگی۔

# مالک کی ناراضگی سے نجات

جس ملازم کا مالک یا آفیسر اس پر بیجا ناراض ہوتا ہو اور خفا رہتا ہو یا اس کے ہر کام پر اسے جھاڑتا رہتا ہو۔ تو ایسے میں وہ شخص اکیس مرتبہ اسم مبارک یَامَانِعُ پڑھ کر صبح و شام اپنے آفیسر یا مالک کی پشت پر دم کیا کرے خواہ تصور میں ہی کرے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں ہی اس کے مالک یا آفیسر کی ناراضگی و خفگی دور ہوجائے گی۔

# آفات وبلیات سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَامَانِعُ کا ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے دنیا و آخرت کی تمام آفات و بلیات سے محفوظ و مامون رکھے گا۔

# صادق القول بننے کے لئے

جو شخص اسم مبارک یَامُبْدِئُ کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس کو اپنے فضل وکرم سے صدق مقال عطا فرمادیں گے۔ وہ صادق القول اور سچی زبان والا بن جائے گا۔ وہ سچ بولنے اور سچ سننے والا ہوگا اور جھوٹ سے نفرت کرے گا۔

## وضع حمل میں آسانی

اگر کوئی حاملہ عورت اسم مبارک یَا مُبْدِئُ کا کثرت سے ورد رکھے گی تو اللہ تعالیٰ اس اسم مبارک کے ورد کی بدولت سے اس کے وضع حمل کے تمام مراحل بخیر وخوبی انجام فرمائے گا۔ بچہ بفضل ایزدی سے صحیح سالم پیدا ہوگا اور ایسی حالت میں حاملہ عورت کو کسی بھی قسم کی تکلیف نہیں ہوگی۔

## انجام بخیر ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَا مُبْدِئُ کا کثرت سے ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے اسم مبارک کے ورد کی برکت سے اس وصف سے متصف فرمادیں گے کہ وہ جس کام کی ابتدا بھی کرے گا وہ بحسن وخوبی اور بطریق احسن انجام کو پہنچے گا اور اس کے انجام بخیر ہونے میں کوئی رکاوٹ مانع نہیں ہوگی۔

## اسقاط حمل سے نجات

اگر کسی شخص کی بیوی کا حمل ضائع ہوجاتا ہو یا بے موقع ساقط ہوجاتا ہو تو اس کے لئے اسم مبارک یَا مُبْدِئُ نوے مرتبہ پڑھتے ہوئے اپنی انگشت شہادت سے اپنی حاملہ بیوی کے پیٹ پر دائرے کی صورت میں پھیرے۔ سات دن برابر عمل کو کرتا رہے۔ انشاء اللہ حمل ضائع ہونے سے محفوظ رہے گا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



## حاجت روائی

جو شخص اسم مبارک یَا مُبْدِئُ کا ورد بکثرت کرے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے وصف سے متصف فرمائیں گے کہ وہ ہر کام میں اول تا آخر خدا کی ذات پر بھروسہ وتوکل کرے گا اور اس کا ہر کام بخوبی ہوجایا کرے گا۔

## قبولیت دعا

جو شخص پیر کی شب کو غسل کرنے کے بعد باوضو حالت میں آسمان کی طرف منہ اٹھا کر اسم مبارک یَا مُتَعَالِی ایک سو کتالیس مرتبہ پڑھ کر جو بھی دعا مانگے گا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قبول ہوگی۔

## ام الصبیان سے نجات

اگر کوئی عورت ایام ماہواری میں وضو کرکے اسم مبارک یَا مُتَعَالِی تین ہزار مرتبہ روز پڑھے گی انشاء اللہ اس کا بچہ ام الصبیان کے مرض اور دیگر بچوں کی بیماریوں سے محفوظ ومامون رہے گا۔

## عزت ومرتبہ

اگر کوئی شخص نہایت عاجزی وانکساری سے اسم مبارک یَا مُتَعَالِی کا ورد بکثرت کرے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کے مراتب میں بلندی وسرفرازی فرمادیں گے اور وہ جس کسی بڑے حاکم کے پاس جائے گا وہ اس کے ساتھ عزت واحترام سے پیش آئے گا اور اس کی ہر حاجت خوشی خوشی پوری کرے گا۔

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# نیک اوصاف

جو شخص اسم مبارک یَا مُتَكَبِّرُ کثرت سے کرے گا وہ خلوت پسند بن جائے گا اور ہر معاملے میں یکسوئی اختیار کرے گا۔ بے ہودہ گفتگو سے اجتناب کرے گا۔ جمعرات اور جمعہ کو نیک محافل میں شرکت کرے گا۔

# برے خوابوں سے نجات

جس شخص کو رات کو سوتے میں برے خواب آتے ہوں اور وہ ان کی وجہ سے ڈر جاتا ہو اور سارا دن پریشان رہتا ہو تو ایسے میں وہ شخص سونے سے پہلے اکیس مرتبہ اسم مبارک یَا مُتَكَبِّرُ باوضو حالت میں پڑھ کر اپنے آپ دم کر کے بغیر کسی سے بات کیے چپ چاپ سو جائے۔ انشاء اللہ اسے پرسکون نیند آئے گی اور برے خوابوں سے نجات مل جائے گی۔

# نیک اولاد

جو شخص اپنی بیوی سے صحبت کرنے سے پہلے دس دفعہ یَا مُتَكَبِّرُ پڑھے حق تعالی اسے نیک اور سعادت مند فرزند عطا فرمادیں گے۔

# مشکل کشائی

جو شخص اتوار کے روز بعد از نماز فجر اسم مبارک یَا مُهَيْمِنُ تین سو ساٹھ بار پڑھے گا اور اللہ کے حضور دعا مانگے گا اللہ تعالی اپنے فضل و کرم سے اس کی ہر مشکل آسان فرمائے گا اور اس کی ہر مہم کامیابی سے ہمکنار فرمائے گا۔



# تسخیر الخلائق

جو شخص اسم مبارک یَا مُهَيْمِنُ کا کثرت سے ورد کرے گا اللہ تعالی اسے دین اسلام اور امور شرعیہ کی سختی سے پابندی جیسے اوصاف سے متصف فرمادیں گے اور اس کی بدولت اس کے دوست دشمنوں کے درمیان اس کی محبت و ہیبت پیدا ہوگی بشرطیکہ وہ شخص اپنی آنکھ کو نامحرم سے حفاظت میں رکھے۔

# بچے کا دودھ چھڑانا

اگر کوئی بچہ ماں کا دودھ چھڑانے کی وجہ سے روتا رہتا ہو اور کسی طرح خاموش نہ ہوتا ہو تو ایسے میں باوضو کسی کاغذ کے ٹکڑے پر سات بار اسم مبارک یَا مُهَيْمِنُ لکھ کر پانی میں گھول کر بچے کو پلادیں۔ انشاء اللہ بچے کا رونا بند ہو جائے گا اور وہ تنگ کرنا چھوڑ دے گا۔

# احکام شرعیہ

جو شخص اسم مبارک یَا مُهَيْمِنُ کا بکثرت ورد کرے گا۔ اللہ تعالی اپنے فضل و کرم سے اسے احکام شریعت کی پابندی کے وصف سے نوازیں گے اور وہ احکام شرعیہ کے معاملے میں نہایت ثابت قدم اور مستعد رہے گا اور اس معاملے میں سستی اور کاہلی سے دور بھاگے گا۔

# قبولیت دعا

جو شخص اسم مبارک یَا مُجِيْبُ کا نقش بنا کر اپنے پاس رکھے گا اور بعد از نماز جمعہ

Oureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس اسم مبارک کو سو مرتبہ پڑھے گا بفضل تعالیٰ مستجابات الدعوات بن جائے گا اور جو کوئی بھی دعا مانگے گا وہ قبول ہوگی۔

## خط یا درخواست کا جواب

اگر کسی شخص کا خط کا جواب نہ آتا ہو یا کہیں درخواست بھیجے اور اس پر غور وفکر نہ ہوتا ہو اور نہ ہی اس پر حکم صادر ہوتا ہو تو ایسے میں تین روز تک متواتر بعد از نماز فجر اسم مبارک یَامُجِیْبُ ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر یہ خیال کرے کہ میرے خط یا درخواست کا جواب آسمان سے اتر رہا ہے۔ انشاء اللہ تھوڑے ہی دنوں میں اس کے خط یا درخواست کا جواب بالصواب آجائے گا۔

## آفات وبلیات

جو شخص اسم مبارک یَامُجِیْبُ کا بکثرت ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے اسم مبارک کی برکت سے جملہ آفات وبلیات ارضی وسماوی سے محفوظ و مامون رکھے گا اور اس پر کوئی ابتلاء نازل نہ ہوگی۔

## رسوائی وذلت سے نجات

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَامَجِیْدُ کا کثرت سے ورد کرے گا تو ایسا شخص بفضل تعالیٰ حاسدین اور مفسدین کی شرانگیزیوں کی وجہ سے ذلت اور رسوائی سے محفوظ رہے گا۔

## پسلی کے درد سے نجات

جو کوئی بھی پسلی کے درد میں مبتلا ہو تو وہ اسم مبارک یَامَجِیْدُ ایک ہزار ایک



مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور ساتھ ہی روئی پر دم کر کے روئی کو درد والی جگہ پر باندھے۔ انشاء اللہ اس سے درد فوری رفع ہو جائے گا۔ مکمل آرام کے لئے اور آئندہ اس تکلیف سے مکمل بچنے کے لئے اس عمل کو گیارہ روز تک جاری رکھیں۔

## ناپاک زخم سے نجات

اگر کوئی شخص جذام۔ کوڑھ، خونی بواسیر، پیچش یا اس قسم کے کسی ناپاک مرض میں مبتلا ہو اور کسی طرح بھی آرام نہ آ رہا ہو تو وہ قمری مہینے کی تیرہویں، چودھویں اور پندرہویں تاریخ کو روزہ رکھے اور افطار کے وقت سات ہزار مرتبہ اسم مبارک یَامَجِیْدُ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پھر اس پانی سے روزہ افطار کر کے یہ دعا سات مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُذَامِ وَمِنَ الْاَسْقَامِ

انشاء اللہ تین کے دن کے عمل سے شفاء کاملہ حاصل ہوگی۔

## عزت ومرتبہ

عزت ومنزلت کا خواہاں شخص ہر روز بعد نماز فجر اسم مبارک یَامَجِیْدُ ننانوے مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے۔ انشاء اللہ بہت جلد مراد حاصل ہوگی۔

## محبت میں کامیابی

جو شخص کسی ایسے فرد کی نگاہ التفات چاہتا ہو۔ جو اسے بہت عزیز ہو تو ایسے میں وہ شخص اسم مبارک یَامَجِیْدُ کا کثرت سے ورد کرے۔ اس اسم مبارک کی برکت سے اسے جلد ہی اپنے مقصد میں کامیابی اللہ تعالیٰ عنایت فرمادیں گے۔ یاد رہے کہ خلاف

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



شرع امور یا ناجائز کاموں کے لئے اس کا ورد کرے گا تو کوڑھی بن کر دنیا سے رخصت ہوگا اور اس کا علاج بھی نہ ہو سکے گا۔

## زندہ دلی

اگر کوئی شخص اسم مبارک یَامُحْیِی کا کثرت سے ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے زندہ دلی و ہوشیاری کے اوصاف سے متصف کرے گا اور وہ احکام شریعت کی پابندی دل و جان سے کرے گا۔

## معذوری سے نجات

جس شخص کو اس بات کا اندیشہ پیدا ہو جائے کہ اس کے مرض سے اس کا کوئی اعضاء خراب ہو جائے گا اور کٹ جائے گا یا بالکل ناکارہ ہو جائے گا تو ایسے عالم میں وہ اسم مبارک یَامُحْیِی کو روزانہ صبح سات مرتبہ اور شام کو سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ انشاء اللہ اس بات سے وہ بفضل ایزدی محفوظ و مامون رہے گا۔

## درد آنکھ

اگر کسی شخص کی آنکھ میں درد ہو تو وہ خود یا کوئی اور شخص باوضو حالت میں صبح و شام اسم مبارک یَامُحْیِی ایک سو اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے آنکھ کا درد دور ہو جائے گا۔

## درد سینہ

جس شخص کے سینہ میں درد ہو تو ایسا شخص صبح و شام اسم مبارک یَامُحْیِی ایک سو

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



اکیس مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے انشاء اللہ اس عمل کی بدولت چند یوم میں مکمل آرام پائے گا۔

## حصول عبادت

جس شخص کا دل اپنی روزمرہ کی عبادت سے کسی بھی وجہ سے پھر گیا ہو تو ایسا شخص تین دن روزہ رکھے اور بعد از نماز ظہر اسم مبارک یَامُحْیِی گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے وہ پھر سے اپنی عبادات کے معمول کی طرف لوٹ آئے گا اس کے بعد روزانہ کا معمول ایک ہزار مرتبہ ورد کا رکھنا جائز ہے۔

## احتساب

جو شخص اسم مبارک یَامُحْیِی کثرت سے ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اسے خود احتسابی کے وصف سے نوازیں گے وہ اپنے عیبوں کا خود احتساب کرے گا اور دوسروں کی نیکی پر زیادہ نظر رکھے گا۔

## گناہوں کی مغفرت

اسم حسنیٰ یَامُحْیِی کو شب جمعہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنے والا شخص بفضل ایزدی اسم مبارک کی برکت سے آخرت کے عذاب سے محفوظ رہے گا۔

## عذاب قبر سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَامُحْیِی کا ورد کیا کرے گا۔ وہ بفضل باری تعالیٰ عذاب

Qureshi RW

www.iqbalkalmati.blogspot.com



قبر سے محفوظ و مامون رہے گا۔

## عذاب حشر سے نجات

جو شخص اسم مبارک یَا مُحْصِی کا کثرت سے ورد رکھے گا وہ شخص بفضل باری تعالیٰ عذاب حشر سے امن وامان میں رہے گا۔

## کاروبار میں نقصان کی تلافی

اگر کوئی شخص اسم مبارک کا ورد کثرت سے کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس اسم مبارک کی برکت سے اس کے لئے اپنے معاملات یا کاروبار اور تجارت وغیرہ کی حساب فہمی کے جملہ مراحل سے باآسانی گزار دے گا اور حساب کتاب میں اگر کوئی غلطی ہوگی تو اسے فوراً محسوس ہو جائے گی۔


## ظالم کے شر سے نجات


جو شخص اپنے دشمنوں کے ہاتھوں ذلیل وخوار ہو کر خوف سے چھپتا پھرتا ہو تو ایسے میں وہ شخص باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر اسم مبارک یَا مُذِلُّ ستر بار پڑھے اور پھر سجدہ میں جا کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے یا الٰہی مجھے میرے فلاں دشمن کے خوف اور شر سے نجات دے۔ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے دعا کرنے والے کو اس کے ظالم دشمن کے شر اور خوف سے نجات دیں گے۔ یہ عمل کم از کم تین دن تک لازمی کرے۔ اس کے لئے وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔


☆☆☆


مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com


Oureshi RW

















مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

شمع بک ایجنسی
نوید اسکوائر
اردو بازار
کراچی

Qureshi RW